آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

MEMBER OF APNS & CPNE

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز منگل 08 ستمبر 2020ء بمطابق 19 محرم الحرم 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 243

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع	
فجر صبح	05:00
ظہر	01:00
مغرب	07:27

شعبہ زراعت کی ترقی اور وسعت کی بے پناہ گنجائش ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

ڈیموں میں پانی کی موجودہ صورتحال مزید ڈیموں کی تعمیر کے منصوبوں کی تکمیل اور کچھی ڈیم کے منصوبے سے لاکھوں ایکڑ اراضی زیر کاشت آئے گی جس کے صوبے کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے

زراعت کے شعبہ میں 37212 ملین روپے کی لاگت سے 27 جاری اور 2905 ملین روپے کی لاگت سے 16 نئے منصوبے شامل ہیں جن میں سے 8 جاری اور 10 نئے منصوبے اس سال مکمل کرلئے جائیں گے

شعبہ زراعت کی ترقی کے مواقعوں سے بھرپور فائدہ اٹھا کر غربت میں کمی، روزگار میں اضافہ اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ دیا جاسکتا ہے جس سے دیرپا امن کا قیام بھی ممکن ہوگا، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ صوبے میں شعبہ زراعت کی ترقی اور وسعت کی بے پناہ گنجائش موجود ہے، شعبہ زراعت کی ترقی کے مواقعوں سے بھرپور فائدہ اٹھا کر غربت میں کمی، روزگار میں اضافہ اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ دیا جاسکتا ہے جس سے دیرپا امن کا قیام بھی ممکن ہوگا، ڈیموں میں پانی کی موجودہ صورتحال مزید ڈیموں کی تعمیر کے منصوبوں کی تکمیل اور کچھی ڈیم کے منصوبے سے لاکھوں ایکڑ اراضی زیر کاشت آئے گی جس کے صوبے کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے شعبہ زراعت میں جاری اور

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان پی پی ایچ آئی اور میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹرز سے متعلق امور کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

صوبے میں بے روزگاروں کے مفاد کو کوئی تحفظ حاصل نہیں

اراکین بلوچستان اسمبلی

بلوچستان میں خواتین کی شرح اموات دنیا میں سب سے زیادہ جبکہ شرح تعلیم سب سے کم ہے، صوبے میں عورتوں، بچوں، نوجوانوں اور بے روزگاروں کے مفادات کو کوئی تحفظ حاصل نہیں، صوبے کا ہر شخص مایوسی کا شکار ہے

پبلک ڈویلپمنٹ سیکٹر کے لئے صوبے کا ایک سو 10 ارب روپے صرف اور صرف تعمیراتی کاموں پر خرچ کئے جارہے ہیں سروس ڈیلیوری پر ایک روپیہ بھی خرچ نہیں کیا جارہا ہے جس سے عوام کو کوئی فائدہ نہیں مل رہا

غیر سرکاری تنظیموں کے نمائندوں کی خواتین اور بچوں کے حقوق سے متعلق تجاویز کو شامل کرکے قرارداد بلوچستان اسمبلی میں پیش کی جائے گی، صوبے میں فی میل شرح تعلیم انتہائی کم ہے، اراکین صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) اراکین صوبائی اسمبلی ثنا بلوچ، اختر حسین لانگو، احمد نواز بلوچ سمیت سول سوسائٹی کے نمائندوں نے کہا ہے کہ بلوچستان میں خواتین کی شرح اموات دنیا میں سب سے زیادہ جبکہ شرح تعلیم سب سے کم ہے، صوبے میں عورتوں، بچوں، نوجوانوں اور بے روزگاروں کے مفادات کو کوئی تحفظ حاصل نہیں، صوبے کا ہر شخص مایوسی کا شکار ہے، پبلک ڈویلپمنٹ سیکٹر کے لئے صوبے کا ایک سو 10 ارب روپے صرف اور صرف تعمیراتی کاموں پر خرچ کئے جارہے ہیں سروس ڈیلیوری پر ایک روپیہ بھی خرچ نہیں کیا جارہا ہے جس سے عوام کو کوئی فائدہ نہیں مل رہا، غیر سرکاری تنظیموں کے نمائندوں کی خواتین اور بچوں کے حقوق سے متعلق تجاویز کو شامل کرکے قرارداد بلوچستان اسمبلی میں پیش کی جائے گی، ان خیالات کا اظہار اراکین بلوچستان اسمبلی ثنا بلوچ، پبلک اکاؤنٹس

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے تیسرے سینٹ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

پاکستان افغانستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، صدر مملکت

پاکستان افغانستان میں امن و استحکام کے فروغ کے لئے مخلصانہ کوششیں کررہا ہے، پرامن اور مستحکم افغانستان نہ صرف دونوں ہمسایہ ممالک بلکہ پورے خطے کے مفاد میں ہے

پاکستان اور افغانستان مشترکہ ثقافت اور مذہب کے حامل ہیں اور دونوں ممالک کے مابین تعلقات کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ پاکستان افغانستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، اور افغانستان میں امن اور معاشی ترقی چاہتا ہے، پاکستان افغانستان میں امن و استحکام کے فروغ کے لئے مخلصانہ کوششیں کررہا ہے، پرامن اور مستحکم افغانستان نہ صرف دونوں ہمسایہ ممالک بلکہ پورے خطے کے مفاد میں ہے، پاکستان اور افغانستان مشترکہ ثقافت اور مذہب کے حامل ہیں اور دونوں ممالک کے مابین تعلقات کو مزید وسعت دینے کی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

عوام کی فلاح و بہبود کیلئے مختلف قسم کے منصوبے تیار کررہے ہیں، محمد خان لہڑی

حلقہ انتخاب میں سیلاب اور بارشوں نے تباہی مچائی ہے شالی کی فصلات تباہ ہوگئیں ہیں، صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت

تمبو (آن لائن) صوبائی مشیر محنت و افرادی قوت حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ حلقہ انتخاب میں سیلاب اور بارشوں نے تباہی مچائی ہے شالی کی فصلات تباہ ہوگئیں ہیں متاثر ہونے والوں کو کسی صورت بھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا ان کی صوبائی حکومت ہر ممکن مدد کرے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

حکومت نے وزیراعظم کے اعلان کردہ کراچی تبدیلی منصوبے کے تحت مندرجہ ذیل منصوبوں کا وعدہ کیا ہے، اسد عمر

کے سی آر منصوبے کی لاگت کا تخمینہ 300 ارب روپے ہے جس کی ذمہ داری وفاقی حکومت پر ہوگی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وزارت منصوبہ بندی ترقی اسد عمر نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت نے وزیراعظم کے اعلان کردہ کراچی تبدیلی منصوبے کے تحت مندرجہ ذیل منصوبوں کا وعدہ کیا ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا کہ کراچی گریجویٹر واٹر

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

حکومت بلوچستان نے بولان میڈیکل کالج کی پرانی حیثیت بحال کردی کالج کے تمام ڈاکٹرز اور ملازمین محکمہ صحت کے ماتحت ہوں گے

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان نے بولان میڈیکل کالج کی پرانی حیثیت بحال کردی کالج کے تمام ڈاکٹرز اور ملازمین محکمہ صحت کے ماتحت ہوں گے، سیکرٹری صحت بلوچستان کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق حکومت بلوچستان نے یکم اپریل 2019 کو بولان میڈیکل یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

اسلام آباد وزیراعظم عمران خان سے آسٹریلین کمپنی کا وفد ملاقات کررہا ہے

کرپشن پر قابو پا کر ذاتی مفادات کو بالائے طاق رکھ کر معیشت کو بہتر بنانا ہے، عبدالحفیظ شیخ

معیشت کی ترقی کے لیے کراچی کے انفراسٹرکچر کو بہتر کرنا ہوگا، کراچی کو ایک ہزار ارب سے زائد کا پیکج دیا گیا، کراچی کی مدد کی جائے، مشیر خزانہ

کراچی (این این آئی) وفاقی مشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ نے کہا ہے کہ حکومتی پالیسیوں کے باعث معاشی اشاریے بہتر ہوئے ہیں، کرپشن پر قابو پا کر ذاتی مفادات کو بالائے طاق رکھ کر معیشت کو بہتر بنانا ہے، عمران خان کی سیاست کی بنیادی یہی ہے کہ غریبوں کی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ میں فائرنگ ایک شخص زخمی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں فائرنگ ایک شخص زخمی پولیس کے مطابق ج کو کوئٹہ کے علاقے اپسنی روڈ پر

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

کسٹم کوئٹہ کی بولان میں درخشاں چیک پوسٹ پر کارروائی کروڑوں روپے کا غیر ملکی سامان برآمد

کوئٹہ (این این آئی) کسٹم کوئٹہ کی بولان میں درخشاں چیک پوسٹ پر کارروائی کروڑوں روپے کا غیر ملکی

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کے نئے پارلیمانی سال کا پہلا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے نئے پارلیمانی سال کا پہلا اجلاس آج ہوگا اجلاس میں سرکاری

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

جناح زرغون لنک روڈ کی بندش، بلوچستان ہائیکورٹ نے متعلقہ حکام سے رپورٹ طلب کرلی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائیکورٹ کے جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس عبداللہ بلوچ

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

مادر وطن پر جان نچھاور کرنے اور جانبازی دکھانے والے قوم کے ہیرو ہیں، پوری قوم دفاع وطن کیلئے متحد ہے، سینیٹر شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ مادر وطن پر جان نچھاور کرنے اور جانبازی دکھانے والے قوم کے ہیرو ہیں، پوری قوم دفاع وطن کیلئے متحد ہے۔ یوم فضائیہ کے حوالے سے اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ قوم اپنے شاہینوں کو سلام پیش کرتی ہے جنہوں نے آج کے دن دفاع وطن کی

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

کسی کا نام بگاڑنا پیپلز پارٹی کے جیالوں کا شیوہ نہیں ہے، ترجمان سندھ حکومت

کراچی (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی شہباز گل کے بیان پر سندھ حکومت کے ترجمان

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

شمالی وزیرستان مطلوب دہشت گرد ہمراز کو پانچ دہشت گرد ساتھیوں سمیت مار گرایا، دس دہشتگرد گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) شمالی وزیرستان کے علاقہ میرعلی میں سیکورٹی فورسز کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سے بابر اعوان کی ملاقات، ملکی تازہ سیاسی صورت حال اور قانونی امور پر مشاورت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ وفاق کراچی کے مسائل کے حل کیلئے مالی

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وفاقی وزیر داخلہ اعجاز شاہ کی خصوصی کاوش بائی پاس کے مکمل حصہ کا کام تیزی سے جاری

نکانہ صاحب (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ اعجاز شاہ کی خصوصی کاوش سے لاہور جڑانوالہ روڈ کو

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

پاکستان کو داخلی اور خارجی طور پر بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے

شاہ محمود قریشی

آپ جیسے وسیع تجربہ کے حامل سفارت کار کی بطور سفیر تعیناتی سے پاک افغان دو طرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں مدد ملے گی

افغانستان میں قیام امن پورے خطے میں امن و استحکام کے حوالے سے ناگزیر ہے، وزیر خارجہ سے پاکستانی سفیر منصور احمد خان کی ملاقات، مختلف امور تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ افغانستان میں قیام امن پورے خطے میں امن و استحکام کے حوالے سے ناگزیر ہے، آپ جیسے وسیع تجربہ کے حامل سفارت کار کی بطور سفیر تعیناتی سے پاک افغان دو طرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں مدد ملے گی۔ افغانستان کیلئے نامزد پاکستانی سفیر منصور احمد خان نے وزارت خارجہ میں وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی سے ملاقات کی جس میں پاک افغان تعلقات، افغان امن عمل سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خارجہ نے بطور سفیر افغانستان نامزدگی پر منصور احمد خان کو مبارکباد دی۔ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ آپ کو

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

کراچی کا چہرہ ہم بدلیں گے، حماد اظہر

کراچی والوں کے ماضی کی حکومتوں سے جو گلے شکوے رہے ہیں وہ دور کریں گے، وفاقی وزیر

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار حماد اظہر نے کہا ہے کہ کراچی نے ہمیں بڑا مینڈیٹ دیا اس لیے شہر کا چہرہ ہم بدلیں گے۔ ایک انٹرویو میں حماد اظہر نے کہا کہ پچھلی مرتبہ آبادی کے لحاظ سے جو چھوٹا صوبہ تھا اس کے لیے زیادہ فنڈز رکھے گئے ہیں۔ انہوں

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان ہائی کورٹ نے (ایف بی آر) کا نوٹیفکیشن معطل کردیا

صنعت کاروں اور کاروباری اداروں کو منتقل کرنے سے متعلق فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے نوٹیفکیشن کو معطل کردیا

بینچ نے درخواست کی سماعت کے بعد اگلی سماعت تک نوٹیفکیشن کو معطل کیا، بلوچستان ہائی کورٹ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ہائی کورٹ نے کوئٹہ سے کراچی منتقل ہونے والے اہم ٹیکس ادا کرنے والے صنعت کاروں اور کاروباری اداروں کو منتقل کرنے سے متعلق فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے نوٹیفکیشن کو معطل کردیا۔ گزشتہ روز بلوچستان ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جناب جسٹس جمال خان مندوخیل اور جسٹس عبدالحمید بلوچ پر مشتمل ڈویژن بینچ نے کوئٹہ کے چند صنعتکاروں کی جانب سے دائر درخواست پر ایف بی آر کے نوٹیفکیشن کو معطل کرنے کا حکم جاری کیا۔ بینچ نے درخواست کی سماعت کے بعد اگلی سماعت تک نوٹیفکیشن کو معطل کیا۔ 5 اگست کو ایک نوٹیفکیشن جاری کرتے ہوئے ایف بی آر نے کوئٹہ سے کراچی میں 138 اہم صنعتکاروں اور کاروباری اداروں کی ٹیکس ادائیگیوں کو منتقل کیا تھا۔ اس سے قبل وہ کوئٹہ میں ایف بی آر کے دفتر میں اپنا ٹیکس جمع کروا رہے تھے۔ بیجوری اسٹیل انڈسٹریز کے اپنے وکیل محمد عامر رانا کے ذریعے ہائی کورٹ میں نوٹیفکیشن کو چیلنج کیا تھا۔ عامر رانا نے عدالت میں موقف

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

چیف جسٹس ہائی کورٹ (این ایچ اے) کے حکام نے دعویٰ کیا ہے کہ حب ریور پل کو کوئی خطرہ نہیں

حب (آن لائن) چیف جسٹس ہائی کورٹ (این ایچ اے) کے حکام نے دعویٰ کیا ہے کہ حب ریور پل کو کوئی خطرہ نہیں، اس کے ستون مضبوط ہیں، دریا پل اپنی ساخت کے اعتبار سے مستحکم ہے۔ گزشتہ روز چیف جسٹس ہائی کورٹ نے اتھارٹی ساتھ بلوچستان کی ٹیم نے حب پل کا معائنہ کیا، این ایچ اے ممبر شاہد احسان اللہ نے کہا کہ

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کی انویسٹمنٹ کمیٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس گزشتہ روز اسلام آباد میں ہوا

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے اسلام آباد، کراچی اور گوادر کے دفاتر کو فوری طور پر مکمل فعال کیا جائیگا

سرمایہ کاروں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کی جائیں، رضا حسن، اسماعیل ستار، فرمان زرکون

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کی انویسٹمنٹ کمیٹی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس گزشتہ روز اسلام آباد میں ہوا جس میں تمام بورڈ ممبران رضا حسن، اسماعیل ستار اور چیف ایگزیکٹو بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ فرمان زرکون نے شرکت کی، اجلاس میں مختلف ایجنڈوں پر تفصیلی بحث کی گئی اور فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے اسلام آباد، کراچی اور گوادر کے دفاتر کو فوری طور پر مکمل فعال کیا جائیگا تاکہ سرمایہ کاروں کو زیادہ سے زیادہ سہولیات

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

پاک افواج ہر قسم کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں، نور محمد دمڑ

6 ستمبر قومی ولولوں کی یاد تازہ کرنے کا یوم تجدید عہد ہے، ہمیں اپنی بہادر افواج پر فخر ہے ہماری مسلح افواج جدت کیساتھ جذبہ حب الوطنی سے لیس ہیں

پاک افواج ہر قسم کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں، 27 فروری کا پاک فضائیہ کا منہ توڑ جواب بھارت کو ہمیشہ یاد رہے گا، صوبائی وزیر

برہانی (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ 6 ستمبر قومی ولولوں کی یاد تازہ کرنے کا یوم تجدید عہد ہے، ہمیں اپنی بہادر افواج پر فخر ہے ہماری مسلح افواج جدت کیساتھ جذبہ حب الوطنی سے لیس ہیں، پاک افواج ہر قسم کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں، 27 فروری کا پاک فضائیہ کا منہ توڑ جواب بھارت کو ہمیشہ یاد رہے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ انتخاب کے علاقہ درچوم میں یوم دفاع کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ اللہ اللہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے، ہمیں پاک افواج اور اپنے شہداء پر فخر ہے، آج کا دن یعنی 6 ستمبر قومی ولولوں کی یاد تازہ کرنے کا یوم تجدید عہد ہے انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر کا

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں پولیو وائرس کا ایک اور کیس سامنے آگیا

بلوچستان کے ضلع پشین سے تعلق رکھنے والی 15 ماہ کی بچی میں پولیو کی تصدیق کے بعد صوبے میں کیسز کی تعداد 18 ہوگئی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں پولیو وائرس کا ایک اور کیس سامنے آگیا، بلوچستان کے ضلع پشین سے تعلق رکھنے والی 15 ماہ کی بچی میں پولیو کی تصدیق کے بعد صوبے میں کیسز کی تعداد 18 ہوگئی۔ محکمہ صحت حکام کے مطابق بلوچستان کے ضلع پشین سے تعلق رکھنے والی 15 ماہ کی بچی میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے پشین کے نئے کیس کے ساتھ بلوچستان میں رواں سال پولیو سے متاثرہ بچوں کی تعداد 18 ہوگئی ہے محکمہ صحت حکام کا کہنا ہے کہ پولیو وائرس کے کیسز میں اضافے کی وجہ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

پشاور امیر جمعیت علماء اسلام مولانا فضل الرحمان جلسے کے شرکاء کے نعروں کے ہاتھ اٹھا کر جواب دے رہے ہیں

محکمہ صحت کے ملازمین کی خدمات بولان میڈیکل یونیورسٹی کیلئے فراہم کرینگے

بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے امور و معاملات کو خوش اسلوبی سے چلانے کیلئے مروجہ قواعد و ضوابط پر عملدرآمد اشد ضروری ہے، امان اللہ یاسین زئی

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان امان اللہ یاسین زئی نے کہا ہے کہ بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے امور و معاملات کو خوش اسلوبی سے چلانے کیلئے مروجہ قواعد و ضوابط پر عملدرآمد اشد ضروری ہے، حقوق اور فرائض کے درمیان باہمی ربط پایا جاتا ہے اور اپنے فرائض کی ادائیگی ہی دراصل دوسروں کے حقوق کی پاسداری کا باعث بنتا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے تیسرے سینٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر بلوچستان ہائی کورٹ کے سینئر جج ہاشم خان کاکڑ، وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے صحت رابیہ بلیدی، رکن صوبائی اسمبلی ایڈمنسٹریٹر زمرک خان اچکزئی، وائس چانسلر بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر نجیب اللہ اچکزئی، وائس چانسلر بولو الخیر فاروق بازئی، صوبائی سیکرٹری صحت دوستین خان جمالدینی، سیکرٹری فنانس نور الحق بلوچ اور ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

وفاق اور صوبوں کا تعلیمی ادارے 15 ستمبر سے مرحلہ وار کھولنے پر اتفاق

یونیورسٹی اور کالجز میں زیادہ طلبہ سے گریز کیا جائے، تمام تعلیمی اداروں میں سماجی فاصلے پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے، وزیر تعلیم

اسلام آباد (این این آئی) وفاق اور صوبوں نے ملک بھر میں تعلیمی ادارے 15 ستمبر سے مرحلہ وار کھولنے پر اتفاق کرتے ہوئے کہا ہے کہ 15 ستمبر سے اسکولوں میں نویں، دسویں کی کلاسیں، کالج اور جامعات کھل جائیں گی، پری پرائمری اور پرائمری کلاسز 30 ستمبر سے شروع ہونگی، چھٹی سے آٹھویں تک کی کلاسیں 23 ستمبر سے شروع ہوں گی۔ یہ کورونا وائرس وزیر تعلیم شفقت محمود کی زیر صدارت ملک بھر میں تعلیمی ادارے کھولنے سے متعلق بین الصوبائی وزراء تعلیم کا اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزارت تعلیم اور صوبوں نے تعلیمی ادارے کھولنے سے متعلق اپنی اپنی تجاویز پیش

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

اسلام آباد سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نیب کورٹ پیشی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

یوم دفاع پاکستان کے دن کی مناسبت سے پاکستان کوسٹ گارڈز کے زیر اہتمام مختلف تقاریب کا انعقاد کیا گیا

لسبیلہ (ٹ ن) یوم دفاع پاکستان کے دن کی مناسبت سے پاکستان کوسٹ گارڈز کے زیر اہتمام مختلف تقاریب کا انعقاد کیا گیا جن میں پرچم کشائی، کھیل، آرٹ اور فیسٹیول کے مقابلے شامل تھے یہ تقریبات کورنگی اوتھل، گوادر، جیوانی اور پسنی میں منعقد کرائے گئے جن میں بڑی تعداد میں علاقہ کے معززین نے شرکت کی۔ یوم دفاع کے حوالہ سے پاکستان کوسٹ گارڈز کے زیر اہتمام منوڑہ سے لیکر کیماڑی تک کشتی رالی ریس کا انعقاد کیا گیا۔

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

ہم نے ہمیشہ بلاتفریق عوامی مفاد میں فیصلے کئے، پاکستان پیپلز پارٹی

صوبے میں غربت کی سطح دن بدن بڑھ رہی ہے آج بلوچستان میں لوگ دو وقت کی روٹی کو ترس رہے ہیں

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ غریب دوست اقدامات کرکے ملک کے متوسط، غریب اور مزدور طبقے کو ریلیف فراہم کیا، علی مدد جتک

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی غریب اور متوسط طبقے کی جماعت ہے جبکہ موجودہ حکومت صرف مافیاز کو نوازنے کے لئے برسراقتدار آئی ہے بلوچستان سمیت ملک بھر میں عوامی مسائل حل نہ ہونا باعث تشویش ہے ملک کو بحرانوں کی دلدل میں پھنسا کر حکمران جتک کی کاشت کرنے میں مصروف ہیں۔ یہ بات انہوں نے پیر کو ملاقات کرنے والے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

تھری الائنس فراڈ کیس چار ملزمان کے وارنٹ گرفتاری جاری

احتساب عدالت میں تھری الائنس فراڈ کیس کی سماعت، احتساب عدالت نے چار ملزمان کے وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے

تھری الائنس نے منافع کے نام پر لوگوں سے ڈیڑھ ارب سے زائد روپے لوٹ لیے، تھری الائنس کا نامزد ایک ملزم ندیم جگا زیر حراست ہے

کوئٹہ (این این آئی) احتساب عدالت میں تھری الائنس فراڈ کیس کی سماعت ہوئی، احتساب عدالت اللہ داد روشان نے چار ملزمان کے وارنٹ گرفتاری جاری کردیے۔ نیب بلوچستان کے تفتیشی افسر اور پراسیکیوٹر نے عدالت کو بتایا کہ تھری الائنس نے منافع کے نام پر ہزاروں لوگوں سے ڈیڑھ ارب سے زائد روپے لوٹ لیے جبکہ تھری الائنس کا نامزد ایک ملزم ندیم جگا اس وقت زیر حراست ہے نیب نے احتساب عدالت کے جج سے ملزمان کے خلاف 31 اے کی کارروائی عمل میں لانے کی استدعا کی جس پر احتساب عدالت کے جج اللہ داد روشان نے ملزمان کاشف قمر، حمید مسیح، سرور علی اور سلمن مسیح ثاقب کے وارنٹ گرفتاری جاری کردئے بعد ازاں کیس کی سماعت 21 ستمبر تک ملتوی کردی گئی۔

مقابلے کا مقصد جذبہ حب الوطنی اور قومی سلامتی کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا، بریگیڈیر ثاقب قمر

پاکستان کوسٹ گارڈز اور ماہی گیروں کے درمیان محبت اور حب الوطنی کی روایت قائم و دائم رہے گی، ڈائریکٹر جنرل پاکستان کوسٹ گارڈز

لسبیلہ (این این آئی) یوم دفاع پاکستان کے دن کی مناسبت سے پاکستان کوسٹ گارڈز کے زیر اہتمام مختلف تقاریب کا انعقاد کیا گیا جن میں پرچم کشائی، کھیل، آرٹ اور فیسٹیول کے مقابلے شامل تھے یہ تقریبات کورنگی اوتھل، گوادر، جیوانی اور پسنی میں منعقد کرائے گئے جن میں بڑی تعداد میں علاقہ کے معززین نے شرکت کی۔ یوم دفاع کے حوالہ سے پاکستان کوسٹ گارڈز کے زیر اہتمام منوڑہ سے لیکر کیماڑی تک کشتی رالی ریس کا انعقاد کیا گیا۔

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

پشاور جماعت اسلامی کے امیر سینیٹر سراج الحق ٹیچر بازار میں منعقدہ جلسے سے خطاب کررہے ہیں

نیب کی حقیقت بچہ بچہ جانتا ہے نیب چلا لیں یا ملک چلا لیں، شاہد خاقان عباسی

عمران خان سلیکٹڈ وزیر اعظم ہیں، ایک سچائی کا کمیشن بنادیں آئندہ غلطیاں نہ دہرائی جائیں

پارٹی کا مشورہ ہے نواز شریف علاج کرانے کے بعد ہی واپس آئیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ نیب کی حقیقت بچہ بچہ جانتا ہے، نیب چلا لیں یا ملک چلا لیں، عمران خان سلیکٹڈ وزیر اعظم ہیں، ایک سچائی کا کمیشن بنادیں تاکہ آئندہ غلطیاں نہ دہرائی جائیں، پارٹی کا مشورہ ہے نواز شریف علاج کرانے کے بعد ہی واپس آئیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ آج نیب کی حقیقت بچہ بچہ جانتا ہے، حقیقت بتا رہا ہوں کہ یا نیب چلا لیں یا ملک چلا لیں۔ شاہد خاقان نے کہا کہ یہ حقیقت بات ہے کہ عمران خان ایک سلیکٹڈ وزیر اعظم ہیں، ایک سچائی کا کمیشن بنادیں تاکہ آئندہ غلطیاں نہ دہرائی

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

مسلم لیگ (ن) کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اس بات کی گواہ ہے، جمال شاہ کاکڑ

آنے والے دور میں بلوچستان سمیت ملک بھر میں مسلم لیگ (ن) بھاری عوامی مینڈیٹ حاصل کریگی، سابق اسپیکر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اس بات کی گواہ ہے کہ آنے والے دور میں بلوچستان سمیت ملک بھر میں مسلم لیگ (ن) بھاری عوامی مینڈیٹ حاصل کریگی، پارٹی رہنماء اور کارکن مزید متحرک ہوکر پارٹی کے پیغام کو صوبے کے طول و عرض میں پہنچائیں جلد ہی پارٹی میں شمولیتوں کا سیلاب آئیگا۔ یہ بات انہوں نے پیر کو مسلم لیگ (ن) قلات ڈویژن کے صدر

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

ہم تاجروں کی بے لوث خدمت پر یقین رکھتے ہیں، رحیم آغا

ہم نے لاک ڈاؤن میں مشن روڈ میں کئی پارسل دکانیں کھلوائیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

08 ستمبر 2020ء

شعبہ صحت کی بہتری حکومت کی اولین ترجیح

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ اگر ہم بنیادی مراکز صحت کی سروسز کو بہتر بنادیں تو بڑے ہسپتالوں پر بوجھ کم ہوسکتا ہے، بنیادی مراکز صحت میں تعینات عملے کی حاضری کو یقینی بنانا اہم ہے اس حوالے سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسروں اور ڈپٹی کمشنروں کو عملے کی حاضری یقینی بنانے کی ذمہ داری سونپی جائے گی، شعبہ صحت کی بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ہم اس حوالے سے عوام کے سامنے جوابدہ ہیں، ادارے کے فنڈز کے اجراء کو باقاعدہ بنایا جائے تاکہ عوام کو صحت کی سہولتوں کی فراہمی میں رکاوٹ پیدا نہ ہو، پی پی ایچ آئی کے تحت بچوں اور خواتین کی غذائیت کے پروگرام ایم این سی ایچ پروجیکٹ اور ٹیلی میڈیسن کے منصوبے کو مزید مستحکم بنائے جائے۔ یہ منصوبے اپنی نوعیت کے حوالے سے نہایت اہمیت کے حامل ہیں، ماں اور بچے کی صحت کا تحفظ اور دور دراز علاقوں کے عوام کو ٹیلی میڈیسن طریقہ کار کے تحت علاج کی جدید سہولتوں کی فراہمی میں مدد مل رہی ہے ٹریفک حادثات کی صورت میں زخمیوں کو فوری طبی امداد کی فراہمی کے ذریعہ قیمتی جانیں بچائی جاسکتی ہیں قومی شاہراہوں پر ایمرجنسی مراکز کے قیام اور سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے معاونت کے حصول کے لئے این ایچ اے سے بھی رابطہ کیا جائے گا کیونکہ قومی شاہراہوں پر حادثات کی روک تھام اور ایمرجنسی سروسز کی ذمہ داری بنیادی طور پر این ایچ اے کی ہے۔

نفاذِ اردو اور تعلیمی نظام

یہ خوش آئند امر ہے کہ ملک بھر میں قومی سطح پر عشرہ نفاذ اردو 2 ستمبر تا 10 ستمبر منایا جارہا ہے اس میں کوئی دورائے نہیں کہ اردو ہماری قومی زبان ہے۔ اس کا اعلان خود بانیٔ پاکستان حضرت قائداعظم محمد علی جناح کا بیناد اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اور۔ اس بات پر زور دیتے ہوئے برملا کہا کہ پاکستان۔ کی قومی زبان اردو اور صرف اردو ہوگی۔ اور اسے ہر شعبے میں فوقیت حاصل ہوگی۔ قومی زبان اردو میں جو تعلیم دی جائی گئی وہ اسے جذب کرلیں گے۔ اس لیے پرائمری کے بعد انگریزی کو اختیار کرنے کے بجائے قومی زبان کو ہی ذریعہ تعلیم بنانا چاہیے۔ انگریزی کو پہلی جماعت سے لازمی مضمون کے طور پر اختیار کرنا بچوں کے ساتھ بڑی زیادتی ہے۔ انگریزی کو ایک زبان کے طور میٹرک یا ایف اے کے بعد پڑھانا چاہیے یا اسے مڈل سطح پر اختیاری مضمون کے طور پر رکھنا چاہیے تاکہ جو بچے انگریزی زبان میں جانا چاہیں، ان کے لیے مواقع میسر رہیں۔ ہمیں انگریزی زبان پر فوکس کرنے کے بجائے ذریعہ تعلیم اردو قرار دیتے ہوئے چینی، ترکی، فارسی، عربی اور مقامی زبان میں مہارت کے لیے ہر جامعہ میں انتظام کرنا چاہیے۔ مستقبل میں ہمارا واسطہ انگریزوں سے زیادہ چینی، ایرانی، افغانی، ترکستانی، ترکی اور عربی ممالک سے پڑے گا۔ اس لیے انگریزی کے پیچھے دوڑنے کے بجائے خطے میں نئے امکانات کے مطابق دیگر زبانوں کو سکھانے پر توجہ دینی چاہیے۔ وزیر اعظم عمران خان کو یکساں نصاب رائج کرنے کا جرات مندانہ فیصلہ کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے متوجہ کرنا چاہوں گا کہ پہلی جماعت سے انگریزی لازمی مضمون کی شرط ختم کرتے ہوئے پہلی سے پی ایچ ڈی تک سارے علوم قومی زبان اردو میں پڑھانے کا اہتمام کریں، قوم آپ کا یہ احسان قیامت تک یاد رکھے گی۔ حزب اختلاف کی جماعتوں اور ان کے متعلقین کی طرف سے یکساں نصاب تعلیم پر تبصرے حقائق کو مسخ کرنے کی ناکام کوشش ہے۔ یہی جماعتیں ماضی میں طبقاتی نظام تعلیم اور انگریزی میڈیم کی چوکیداری کرتی رہی ہیں۔ انہیں موجودہ حکومت کے اس تاریخی فیصلے کی تائید کرنے میں کسی ہچکچاہٹ کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہیے۔

اردو محض رابطے کی ہی نہیں بلکہ قومی امنگوں کی ترجمان بھی ہے۔

اس اک نفاذ ناگزیر ہے۔ سپریم کورٹ کے واضح احکامات کے بعد کوئی دوچیز نہیں کہ اردو کو مکمل ذریعہ تعلیم بنانے میں حیل وحجت سے کام لیا جائے۔

ستر سالوں بعد قوم کو یہ خوش خبری سننے کو ملی ہے کہ ملک میں طبقاتی نظام تعلیم کو بدل کر یکساں نظام تعلیم رائج کیا جارہا ہے۔ یہ ایک تاریخ ساز فیصلہ ہے، جس پر وزیر اعظم عمران خان اور تحریک انصاف بجا طور پر مبارک باد کی مستحق ہے۔ یہ عوام کا دیرینہ مطالبہ تھا، جسے عمران خان نے پورا کردیا۔ پاکستان جہاں دیگر شعبوں میں حادثات کا شکار رہا ہے وہاں تعلیم کا شعبہ سب سے زیادہ متاثر رہا۔ کہنے کو تو ہم ایک نظریاتی ملک ہیں لیکن یہاں نجی سطح پر ہر طبقے اور ادارے نے اپنا نصاب اور اپنا نظام تعلیم وضع کر رکھا ہے۔ جس کے نتیجے میں قوم کئی طبقات میں بٹی چلی جارہی تھی۔ حال ہی میں پنجاب نصاب ساز ادارے نے نجی تعلیمی اداروں میں پڑھائی جانے والی ایسی ایک سو کتب کی نشاندہی کی ہے، جس میں اسلام، پاکستان اور نظریہ پاکستان کی تضحیک کی گئی ہے۔ تعلیم مقصد سے زیادہ تجارت بنادی گئی ہے اور غیر ملکی تعلیمی نیٹ ورک اضلاع کی سطح تک اپنی برانچیں قائم کرچکے ہیں۔ جو تعلیم کے نام پر اربوں روپے ماہانہ بٹورتے ہیں اور ہماری تہذیبی اقدار کا جنازہ نکال رہے ہیں۔ موجودہ حکومت نے یکساں نصاب تعلیم کا مستحسن فیصلہ کیا ہے۔ پہلے مرحلے پر ابتدائی تعلیم (پرائمری) کے لیے ذریعہ تعلیم قومی زبان اردو قرار دیا گیا ہے، جبکہ درمیانے (مڈل)، ثانوی (میٹرک) اور اعلیٰ ثانوی (انٹرمیڈیٹ) کے لیے ذریعہ تعلیم کا معاملہ ابھی حل طلب ہے۔ یکساں نصاب تعلیم کی اہمیت اپنی جگہ مسلمہ ہے تاہم ذریعہ تعلیم بھی اپنی اہمیت کے اعتبار سے اہم ترین پہلو ہے۔ ماضی کے تجربات کی روشنی میں یہ امر ثابت شدہ ہے کہ پاکستانی معاشرے میں انگریزی پنپ نہیں سکی۔

"مادری زبان میں تعلیم ایسا ہے جیسے بچوں کو بادام سے چھلکا اتار کر بادام کا مغز دیا جائے۔ جب وہ کھائے گا تو ذائقہ محسوس کرے گا اور شوق سے کھائے گا۔ کسی اور زبان میں تعلیم دینا ایسا ہے جیسے بچے کو بادام چھلکے سمیت کھلایا جائے۔ اُسے نہ ذائقے کا پتہ چلے گا اور نہ اُس کے بدن کو فائدہ پہنچے گا۔ بلکہ وہ چھلکا اُتارنے میں وقت گزارے گا"۔ دو سو سال سے انگریزی رٹنے کے باوجود پاکستانی سماج انگریزی زبان نہیں سیکھ سکا۔ بیس سال پہلے تک انگریزی مضمون چھٹی جماعت سے شروع ہوتا تھا۔ انٹرمیڈیٹ تک سائنسی علوم بھی اردو میں پڑھائے جاتے تھے۔ اسی کی دہائی میں میٹرک سے ہی سائنسی مضامین کی تعلیم انگریزی میں دی جانے لگی۔ جس سے نقصان ہوا

فرضی نہیں حقیقی سیاسی اتحاد وقت ضرورت ہے (آخری قسط)

غلام مرتضیٰ باجوہ

جماعت کے مرکزی رہنما میاں شہباز شریف اپنی ٹیم کے ہمراہ کراچی پہنچے۔ جہاں پر انہوں نے اپنے ماضی کے سب سے بڑی سیاسی مخالف شریک چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی سابق صدر آصف علی زرداری اور ان کی ٹیم سے ملاقات کی۔ ماضی کے گلے شکوے اور ایک دوسرے کے خاندانوں کی صحت اور مشکلات دریافت کیں۔

بتایا جاتا ہے کہ اسی دوران ایک ویڈیو کانفرنس کا بھی انعقاد کیا گیا جس میں سابق صدر آصف علی زرداری اور مسلم لیگ ن کے قائد سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف سے بھی نیب میں زیر سماعت مقدمات، سیلاب اور احتساب سے سیاسی مستقبل بارے اظہار خیال کیا گیا۔ ماضی کے بیانات اور فیصلوں پر بھی گلے شکوے اور تحفظات بھی دور کرنے کی کوشش کی گئی۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے نیب کی کارروائیوں کیخلاف مل کر مزاحمت کرنے کا فیصلہ کیا گیا جس کے بعد دونوں جماعتوں کے قائدین کی ہدایات کے مطابق ایک مشترکہ پریس کانفرنس کی گئی جس میں سید نوید قمر، احسن اقبال اور فرحت اللہ بابر و دیگر سیاسی رہنماؤں نے نئے اپوزیشن اتحاد کا ایک نیا بیانیہ پیش کیا۔ کہا کہ وقت آگیا ہے کہ کل جماعتی کانفرنس کی تاریخ دے دی جائے۔

وفاقی پارلیمانی نظام کو چھیڑنے کی کوشش کی گئی تو نتیجہ بھیانک ہوگا، بنیادی جمہوری اصولوں اور پارلیمان کی بالادستی کے لیے مل کر کام کریں گے، حکومت کی نااہلی اور ناکامی ملک کے لیے عذاب بن چکی، حکومت کی نا اہلی کے باعث ملک کی معیشت خطرے میں ہے، حکومت کو گھر بھیجنے کے لیے تمام آپشنز کو بروئے کار لانا ہے، رہبر کمیٹی میں مشاورت کے بعد آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد کیا جائے گا۔ سیاسی کارکنان کو عوامی حقوق کی جدوجہد سے روکنے کے لئے حکومت اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے جس کے خلاف مل کر مزاحمت کرنے کی ضرورت ہے۔ نوید قمر نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے وفد اور میاں شہباز شریف کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ مشکل میں ہمارے ساتھ کھڑے ہوئے ہیں اور عوام کی خیریت دریافت کرنے آئے ہیں اور یہ وقت ایسا ہے کہ سب کو مل کر کوشش کرنی چاہیے اور مسائل کا حل ڈھونڈنا چاہیے، یہ وقت ایک دوسرے پر نکتہ چینی اور نیچا دکھانے کا نہیں ہے، مثبت کام کو سراہنے کی بھی ضرورت ہے، تمام جماعتیں مل کر قومی پالیسی بنائیں اور وزیر اعظم کو یہ قدم لینے کی ضرورت تھی۔

میاں شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ہم سندھ میں بارش سے متاثرین سے اظہار یکجہتی کے لیے آئے ہیں، عوام کو یقین دلاتے ہیں کہ پورا ملک ان کے دکھ میں شریک ہے، متاثرین کی بحالی کے لیے قومی سطح پر بھرپور آواز اٹھائیں گے، متاثرین کو معاوضے کی ادائیگی کے لیے وفاق سندھ حکومت کی مدد کرے۔ یہ وقت مخالفت برائے مخالفت کا نہیں ہے، جن کے گھر، فصلیں اور مال مویشی تباہ و برباد ہوئے انہیں معاوضہ دیا جائے، امیر و غریب سب ہی سیلاب کی تباہ کاری سے پریشان ہیں۔

سیاسی نئے اتحاد اور حالات واقعات سے لگتا ہے کہ اپوزیشن کی اے پی سی کے مقاصد احتساب اور سیلاب میں اپنی سابقہ کارکردگی پر مٹی پاؤ اور اقتدار میں آنے کا راستہ صاف کرو۔ کیونکہ ملاقات میں پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم ن کے قائدین کی جانب سے حکومت اور سرکاری اداروں سے مزاحمت کے علاوہ متاثرین کے لیے کوئی عملی اقدامات کے لئے کوئی تجویز پیش نہیں کی گئی اور نہ ہی کارکنوں کو کوئی ہدایات دیں گئیں۔ اور بات مشترکہ پریس کانفرنس میں سیاسی بیانات پر ختم کردی گئی۔ حالانکہ پیپلز پارٹی، مسلم لیگ ن کے قائدین اور درجنوں اراکین قومی و صوبائی اسمبلی کی جانب سے تنخواہوں سمیت متعدد طریقے موجود ہیں جن سے کراچی سمیت ملک بھر میں سیلاب متاثرین امداد کی جاسکتی ہے۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ ذاتی، مفاداتی اتحاد کے بجائے سیاسی جماعتیں حقیقی اتحاد قائم کریں تاکہ ملک دوم ترقی کرسکے، اور احتساب کا عمل جاری، ساری رہے جس سے قوم و ملک کا نام روشن ہوگا۔

☆☆☆☆☆

ہر گھڑی تیار کامران

اسلام اور اس کیلئے جان کی بازی لگا دینے کا شوق
جزبہ شہادت

شاہ بانو میر

کہا جاتا ہے کہ
شہید کے خون کا قطرہ زمین پر گرنے سے پہلے
اسکی روح جنت کے حسین مرغزاروں میں پہنچ جاتی ہے
اللہ پاک کے انعامات اور انکی آزاد اڑان ہر نعمت تک رسائی کیلئے
انہیں سبز پرندوں کی صورت بنا دیا جاتا ہے
اللہ کے عرش کے نیچے قندیلوں میں بسیرا کر لیتے ہیں
اور
اللہ سبحانہ وتعالیٰ جب ان سے پوچھتے ہیں
کہ
کچھ چاہیے؟
تو
کہتے ہیں
یارب
ہمیں ایک بار اور دنیا میں بھیج دے
تاکہ
تیری راہ میں پھر سے شہید ہوں
سبحان اللہ
وہ لوگ جو
اللہ کی راہ میں مارے گئے ہیں انہیں مردہ نہ کہو
وہ زندہ ہیں
مگر
تم ان کا شعور نہیں رکھتے البقرہ
انسان کی بہترین اساس اس کی جان اس کا جسم
لیکن
کیا چیز ہے لذت آشنائی
کہ
جب رب الرحیم کی ذات کا ادراک مل جاتا ہے
تو
سوچ کا ارتکاز صرف اللہ کی خوشنودی کا حصول
اور
اس میں جہاد کا اعلیٰ مقام شہادت کا شوق
جانتے ہیں کب پیدا ہوتا ہے؟
جب دل پر پڑے گمراہی کے جہالت کے تاریک پردے
اللہ پاک کے اذن سے سرک جاتے ہیں
دل نور الٰہی سے منور ہو کر چمک اٹھتا ہے
تب
انسان جانتا ہے
کہ
وہ جو رب ہے وہی سب ہے
اس کا جینا مرنا سب اسی کے پاس ہے
اس مفاد پرست دنیا اور دھوکہ باز دنیا سے ذہن ہٹ جاتا ہے
اب خواہش پیدا ہوتی ہے
کہ
کچھ تو ایسا کر کے جائیں
کہ
پیچھے صدقہ جاریہ بنے (جاری ہے)

ختم نبوت کا عقیدہ ان بنیادی عقیدوں میں سے ایک ہے جن پر گوناگوں اختلافات کے باوجود تیرہ صدیوں تک امت کا کلی اتفاق اور قطعی..... (آخری قسط)

سید محی الدین غزنین

سرور عالم (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اس تصریح کے بعد جس کی کوئی تاویل ممکن نہیں کسی کا نبوت کا دعویٰ کرنا اور کسی کا اس باطل دعوے کو تسلیم کرنا سراسر کفر اور الحاد ہے۔

(٤) قال رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ان اللہ لم یبعث نبیا الا حذر امتہ الدجال وانا آخر الانبیاء وانتم آخر الامم وھو خارج فیکم لامحالۃ۔ (ابن ماجہ)

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے کوئی نبی نہیں بھیجا جس نے اپنی امت کو دجال کے خروج سے نہ ڈرایا ہو۔ اب میں آخری نبی ہوں اور تم آخری امت ہو۔ وہ ضرور تمہارے اندر ہی نکلے گا۔

اس حدیث سے جس طرح حضور علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا آخر الانبیاء ہونا ثابت ہو رہا ہے اسی طرح حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت کا آخر الامم ہونا بھی ثابت ہو رہا ہے۔

(٥) امام ترمذی نے کتاب المناقب میں یہ حدیث روایت کی ہے:

قال النبی (صلی اللہ علیہ وسلم) لوکان بعدی نبی لکان عمر بن الخطاب۔

اگر میرے بعد کسی کا نبی ہونا ممکن ہوتا تو عمر بن الخطاب نبی ہوتے۔

امام بخاری اور امام مسلم نے فضائل صحابہ کے عنوان کے نیچے یہ ارشاد نبوی نقل کیا:

(٦) قال رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) لعلی انت منی بمنزلۃ ھارون من موسیٰ الا انہ لا نبی بعدی۔

رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے غزوہ تبوک پر روانہ ہوتے وقت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو مدینہ طیبہ میں ٹھہرنے کا حکم دیا۔ آپ کچھ پریشان ہوئے تو حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا میرے ساتھ تمہاری وہی نسبت ہے جو موسیٰ کے ساتھ ہارون کی تھی مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

آخر میں ایک اور حدیث سماعت فرمایئے اور اسی کے ذکر پر احادیث کی نقل کا سلسلہ ختم ہوتا ہے۔

(٧) عن ثوبان قال رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ۔۔ وانہ سیکون فی امتی کذابون ثلاثون۔ کلھم یزعم انہ نبی وانا خاتم النبیین لا نبی بعدی۔ (ابوداود۔ کتاب الفتن)

حضرت ثوبان سے مروی ہے کہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا کہ۔۔ میری امت میں تیس کذاب ہوں گے جن میں سے ہر ایک یہ دعویٰ کرے گا کہ وہ نبی ہے حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

علامہ ابن کثیر متوفی ٧٧٤ھ متعدد احادیث نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں: فقد اخبر اللہ فی کتابہ ورسولہ (صلی اللہ علیہ وسلم) فی السنۃ المتواترۃ عنہ انہ لا نبی بعدہ لیعلم ان کل من ادعی ھذا المقام بعدہ فھو کذاب افاک دجال۔ ضال مضل۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے اپنے کتاب میں اور رسول کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) نے سنت متواترہ میں بتایا ہے کہ حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کے بعد کوئی نبی نہیں، تاکہ ساری دنیا جان لے کہ جو شخص بھی حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کے بعد نبوت کا دعویٰ کرے گا وہ کذاب ہے، جھوٹا ہے۔ دجال ہے، گمراہ ہے اور دوسروں کو گمراہ کرنے والا ہے۔ علامہ سید محمود آلوسی متوفی ١٢٧٠ھ روح المعانی میں لکھتے ہیں:

وکونہ (صلی اللہ علیہ وسلم) خاتم النبیین مما نطق بہ الکتاب وصرحت بہ السنۃ واجمعت علیہ الامۃ فکفر مدعی خلافہ ویقتل ان اصر۔ یعنی حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کا خاتم النبیین ہونا ایسا عقیدہ ہے جس کی تصریح قرآن وسنت نے کی ہے۔ جس پر امت کا اجماع ہے۔ پس جو شخص نبوت کا دعویٰ کرے گا، وہ کافر ہوجائے گا اور اگر اس نے توبہ نہ کی اور اس دعویٰ پر مصر رہا تو اس کو قتل کیا جائے گا۔

علامہ سلیمان جمل متوفی ١٢٠٤ھ جاتی تفسیر جمل میں رقمطراز ہیں:

ومن ذھب الی ان النبوۃ مکتسبۃ لا تنقطع اولی ان الولی افضل من النبی فھو زندیق مستحق للقتل وقد ادعی ناس النبوۃ فیقتلھم المسلمون علی ذلک وکان فی عصرنا شخص من الفقراء ادعی النبوۃ بمدینۃ مالقۃ فقتلہ السلطان بن الاحمر ملک الاندلس بغرناطۃ وصلب حتی تناثر لحمہ۔ یعنی جس شخص کا یہ نظریہ ہو کہ نبوت کا سلسلہ منقطع نہیں ہوا اور اسے اب بھی حاصل کیا جاسکتا ہے یا جس کا یہ عقیدہ ہو کہ ولی نبی سے افضل ہوتا ہے وہ زندیق ہے اور واجب القتل ہے۔ آج تک جن لوگوں نے نبوت کا دعویٰ کیا، مسلمانوں نے ان کو قتل کردیا۔ ہمارے زمانے میں بھی فقراء میں سے ایک شخص نے شہر مالقہ میں نبوت کا دعویٰ کیا تو اندلس کے بادشاہ نے غرناطہ میں اس کا سر قلم کردیا اور اس کی لاش کو سولی چڑھا دیا، وہ اسی حالت میں لٹکا رہا، یہاں تک کہ اس کا گوشت گل کر گر پڑا۔

ان مذکورہ بالا اقتباسات سے امت کا ختم نبوت کے عقیدہ پر اجماع ثابت ہوگیا اور ہر زمانے کے علماء نے مدعی نبوت کو گردن زدنی قرار دیا۔ آخر میں ہم ختم نبوت پر عقلی دلیل پیش کرتے ہیں۔

ختم نبوت کے عقلی دلائل (قدرت کے کام حکمت سے خالی نہیں ہوتے)

جب حضور نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) کی نبوت جملہ اقوام عالم کے لئے اور قیامت تک کے لئے ہے، جب حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) پر نازل شدہ کتاب بغیر کسی ادنیٰ تحریف کے جوں کی توں ہمارے پاس موجود ہے، جب سرور عالم (صلی اللہ علیہ وسلم) کی سنت مبارکہ اپنی ساری تفصیلات کے ساتھ اس کتاب کی تشریح وتوضیح کررہی ہے، جب کہ شریعت اسلامیہ روز اول کی طرح آج بھی انسانی زندگی کے تمام شعبوں میں ہماری راہنمائی کررہی ہے۔ جب قرآن کریم کی یہ آیت مبارکہ آج بھی اعلان کررہی ہے: الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا۔ تو پھر کسی اور نبی کی بعثت کا کیا فائدہ ہے اور اس سے کس مقصد کی تکمیل مطلوب ہے۔ آفتاب محمد طلوع ہوچکا۔ عالم کا گوشہ گوشہ اس کی کرنوں سے روشن ہورہا ہے۔ تو پھر دن کے اجالے میں کسی چراغ کو روشن کرنا قطعاً قریب دانش مندی نہیں ہے۔

مزید غور فرمایئے۔ نبی کی آمد کوئی معمولی واقع نہیں ہوتا کہ نبی آیا۔ جس نے چاہا مان لیا اور جس نے چاہا انکار کردیا اور بات ختم ہوگئی بلکہ نبی کی بعثت کے بعد کفر اور اسلام کی کسوٹی نبی کی ذات بن کر رہ جاتی ہے۔ کوئی کتنا نیک، پاکباز، پارسا اور عالم باعمل ہو، اگر وہ کسی سچے نبی کی نبوت کو تسلیم نہیں کرے گا تو اس کا نام مسلمانوں کی فہرست سے خارج کردیا جائے گا۔ اور کفار ومنکرین کے زمرہ میں اس کا نام درج کردیا جائے گا اور یہ کوئی معمولی واقعہ نہیں۔

اب ذرا عملی دنیا میں مرزا صاحب کی آمد کا جائزہ لیجئے: مسلمانوں کی تعداد کم سے کم اعداد وشمار کے مطابق پچاس کروڑ سے زائد ہے۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کی توحید پر ایمان رکھتے ہیں۔ قرآن کریم کو خدا کا کلام یقین کرتے ہیں۔ تمام انبیاء جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مبعوث ہوئے۔ ان کی نبوت اور صداقت کا اقرار کرتے ہیں۔ قیامت کی آمد کے قائل ہیں۔ عملی طور پر غافل وکاہل سہی، لیکن احکام خداوندی اور ارشادات نبوی کے برحق ہونے پر یقین رکھتے ہیں۔ ضروریات دین میں سے ہر چیز پر ان کا ایمان ہے اور اس امت میں لاکھوں نہیں بلکہ کروڑوں کی تعداد میں ایسے بندگان خدا بھی ہر زمانہ میں موجود رہے ہیں جو شریعت پر پوری طرح کاربند، عبادات کے سختی سے پابند رہے ہیں ان کے اخلاص وللّٰہیت پر فرشتے رشک کرتے ہیں اور ان کے کارہائے نمایاں پر خود ان کے خالق کو ناز ہے۔

اسی پاک امت میں آکر مرزا صاحب نے نبوت کا دعویٰ کردیا۔ ان کی آمد سے پہلے تو یہ سارے کے سارے مسلمان تھے۔ چلو بعض میں عملی کوتاہیاں ہم تسلیم کرتے ہیں لیکن کم از کم نعمت ایمان سے تو وہ بہر دور تھے۔ اب حقیقت حال یہ ہے کہ پچاس سالہ کوششوں کے باوجود چند لاکھ کی نفری نے مرزا جی کو نبی مانا اور باقی پچاس کروڑ نے ان کو دجال اور کذاب قرار دیا۔ نبی کو ماننا اسلام ہے اور انکار کفر ہے۔ مرزا صاحب نے اپنا سبز قدم جب دنیائے اسلام میں رکھا تو یہ بہار آئی کہ سارے کے سارے مرتد قرار پائے اور اسلام سے محروم ہو کر کفر میں مبتلا ہوگئے۔ صرف گنتی کے چند آدمی مسلمان باقی رہے۔ ان میں بھی غالب اکثریت بلیک مارکیٹ کرنے والوں، رشوت لینے والوں، اقربا، نوازی اور مرزائیت پروری کی قربان گاہ پر لاکھوں حقداروں کے حقوق بھینٹ چڑھانے والوں کی ہے۔ ان میں اکثر بے نماز، ڈاڑھی منڈے اور آوارہ مزاج لوگ ہیں۔ ہر قسم کی رذیل حرکتیں کرنے والوں کا ایک لشکر جرار تھا جس مارتا ہوا آپ کو نظر آئے گا۔ آپ خود فیصلہ کریں کہ دنیائے اسلام کے لئے عملی طور پر مرزا صاحب کی آمد برکت کا باعث بنی یا نحوست کا۔

اللہ تعالیٰ کی حکمت اس کو پسند نہیں کرتی کہ مرزا صاحب کو سچا نبی بنا کر بھیجا جائے تاکہ اسلام کے سارے ہرے بھرے پلیٹر اپنے خشک سائیں، میٹھے پھلوں، رنگین اور مہکتے ہوئے پھولوں سمیت اکھاڑ کر پھینک دیئے جائیں اور چند خاردار جھاڑیوں کے جھرمٹ پر "گلشن اسلام" کا بورڈ آویزاں کردیا جائے۔ متقیوں، پرہیزگاروں، عالموں اور عاشقوں کی امت پر کفر کا فتویٰ لگا دیا جائے اور چند زاغ صفت طالع آزما افراد کو مسلمان ہونے کا سرٹیفکیٹ دے دیا جائے۔

مرزا صاحب کے امتی بڑی ڈینگیں مارتے ہیں کہ ہم دنیا کے گوشے گوشے میں اسلام پہنچا رہے ہیں ہماری کوششوں سے یورپ میں اتنی مسجدیں تعمیر ہوگئیں۔ اتنے لوگوں کو ہم نے کلمہ پڑھا دیا۔

گزارش ہے تم تو مرزا صاحب کو اس لئے نبی کہتے ہو کہ انہوں نے چند کافروں کو کلمہ پڑھا دیا۔ ہم اولیاء کرام کے زمرہ سے آپ کو ایسے ایسے مبلغ دکھاتے ہیں جنہوں نے ہزاروں لاکھوں کفار کو کفر کی ظلمتوں سے نکال کر ہدایت کی شاہراہ پر گامزن کردیا۔ خواجہ خواجگان سلطان الہند معین الحق والدین اجمیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے لاکھوں مشرکوں کے زنار توڑے اور ان کی پیشانیوں کو بارگاہ رب العزت میں شرف سجود بخشا۔ داتا گنج بخش ہجویری نے اس کفرستان میں راوی کے کنارے پر توحید کا جو پرچم گاڑا تھا، وہ آج بھی لہرا رہا ہے اور لاکھوں خفتہ بختوں کو خواب غفلت سے جگا رہا ہے۔ مشائخ چشت اور دیگر اولیاء کرام نے اسلام کی جو تبلیغ کی اور جو فرشتہ صفت مرید بنائے ان کے مقابلہ میں ساری امت مرزائیہ کی تبلیغی کوششوں کی نسبت سمندر اور قطرہ کی بھی نہیں۔ ان کارہائے نمایاں کے باوجود ان حضرات نے نہ نبوت کا دعویٰ کیا، نہ مہدیت کا، نہ مسیحیت کا، نہ بروزی کا، بلکہ اپنے آپ کو نظامات مصطفیٰ ہی کہا اور اسی کو اپنے لئے باعث صد افتخار اور موجب سعادت دارین سمجھا۔

مرزا قادیانی کو اپنی نبوت تک پہنچنے کے لئے بڑا دور کا چکر کاٹنا پڑا۔ آخر کار آپ کی کمند ظفر یہاں آکر رکی کہ یہ تو احادیث سے ثابت ہے کہ عیسیٰ بن مریم آئیں گے، میں کیوں نہ اپنے آپ کو مسیح موعود کہنا شروع کردوں تاکہ مجھے لوگ مسیح مان لیں لیکن اس میں مشکل یہ پیش آئی کہ حضرت مسیح تو زندہ ہیں، ان کی زندگی میں میں مسیح کیسے بن سکتا ہوں۔ خیال آیا کہ پہلے مسیح کو مردہ ثابت کرو۔ جب وہ مردہ قرار پائے تو پھر میرے لئے میدان صاف ہوجائے گا۔ چنانچہ انہوں نے اپنا سارا زور وفات مسیح علیہ السلام ثابت کرنے پر لگا دیا۔

بے شک رحمت عالم (صلی اللہ علیہ وسلم) نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ قیامت سے قبل حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) ثابت کرنے پر لگا دیا۔

بے شک رحمت عالم (صلی اللہ علیہ وسلم) نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ قیامت سے قبل حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) آسمان میں نزول فرمائیں گے۔ جن احادیث میں مسیح کے تشریح کی گئی ہے، وہ اس کثرت سے مروی ہیں کہ معنوی طور پر وہ درجہ تواتر کو پہنچی ہوئی ہیں۔ آیئے آپ بھی ان احادیث کی جھلک ملاحظہ کیجئے۔ آپ کو پتہ چل جائے گا کہ نبی برحق نے کوئی مبہم پیش گوئی نہیں کی۔ کسی ایسے مسیح کی آمد کی اطلاع نہیں دی جس کی پہچان نہ ہوسکے اور جس شاطر کا جی چاہے وہ آنے والا مسیح بن بیٹھے، بلکہ نبی کریم (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اپنی امت کو اس کا نام بتایا، اس کی والدہ کا نام بتایا، اس کے لقب سے خبردار کیا، اس وقت اور مقام کی نشاندہی کی جس وقت اور جس مقام پر وہ نزول فرمائے گا۔ جو کارہائے نمایاں وہ انجام دے گا، اس کی تفصیل بیان فرمادی اور اس کے مدفن کا بھی تعین فرمادیا اور اس کا حلیہ بھی بیان کردیا۔ اب اگر وہ احادیث صحیح ہیں جن میں حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) کی آمد کی خبر دی گئی ہے، تو ان تفصیلات کو بھی من وعن صحیح اور سچ تسلیم کرنا پڑے گا جو ان کے متعلق بتائی گئی ہیں اور اگر کوئی شخص ان تفصیلات کو ماننے سے انکار کردے گا تو پھر اسے ان تمام احادیث کو بھی ساقط الاعتبار قرار دینا پڑے گا جن میں ان کی آمد کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ تحقیق اور انصاف کا یہ کیسا معیار ہے کہ ایک روایت کی مفید مطلب آدھی بات تو مان لی اور اسی روایت دیگر تفصیلات کو نظر انداز کردیا۔

ان کثیر التعداد احادیث میں سے چند احادیث جن میں حضرت عیسیٰ (علیہ السلام) کے نزول کا ذکر ہے۔ پہلی حدیث جسے امام بخاری، امام مسلم، امام ترمذی اور امام احمد رحمہم اللہ تعالیٰ نے اپنی کتب حدیث میں روایت کیا ہے:

(١) عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکما عدلا فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الحرب ویفیض المال حتی لا یقبلہ احد حتی تکون السجدۃ الواحدۃ خیر من الدنیا وما فیھا۔ (بخاری کتاب احادیث الانبیاء، باب نزول عیسیٰ بن مریم۔ مسلم باب بیان نزول عیسیٰ۔ ترمذی ابواب الفتن باب فی نزول عیسیٰ۔ مسند احمد مرویات ابی ھریرہ)۔

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا اس خدا کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے، ضرور اتریں گے تمہارے درمیان ابن مریم عادل حاکم کی حیثیت سے۔ پھر وہ صلیب کو توڑ ڈالیں گے اور خنزیر کو مار ڈالیں گے اور جنگ کا خاتمہ کردیں گے اور مال کی اتنی فراوانی ہوگی کہ اسے کوئی لینے والا نہ ہوگا اور (دینداری کا یہ عالم ہوگا) کہ اپن

شال بقیہ 1

نئے منصوبوں کی پیشرفت کے جائزہ اجلاس کے دوران کیا، وزیر زراعت وامداد باہمی زمرک خان اچکزئی، ایڈیشنل چیف سیکریٹری منصوبہ بندی وترقیات عبدالرحمن بزدار بھی اجلاس میں شریک تھے، سیکریٹری زراعت وامداد باہمی قمبر چلیدی نے اجلاس کو منصوبوں کی پیشرفت کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے آگاہ کیا کہ زراعت کے شعبہ میں 37212 ملین روپے کی لاگت سے 27 جاری اور 2905 ملین روپے کی لاگت سے 16 نئے منصوبے شامل ہیں جن میں سے 8 جاری اور 10 نئے منصوبے اس سال مکمل کر لئے جائیں گے، ان میں پانی کی بچت کے لئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال، نیل فارمنگ کا فروغ، مچھلی کی ریسرچ لیبارٹریوں کو مستحکم بنانا، ریسرچ اور تحقیق کا فروغ، گندم، چاول، بارلے اور سبزیوں کی نئی اقسام کے بیجوں کی رجسٹریشن اور سرٹیفکیشن کے ذریعہ بہتر فصلوں کی پیداوار جیسے اہم منصوبے شامل ہیں جبکہ کسانوں اور زمینداروں کو جدید طریقہ کاشت سے آگاہی کے تربیتی پروگرام بھی جاری ہیں، سمجھی کینال کمانڈ ایریا ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے حوالے سے انہوں نے بتایا کہ منصوبے کے فیز ون کے تحت ایک تا 10 ڈسٹری بیوٹریز سے منسلک 37877 ایکڑ اراضی کو قابل کاشت بنایا جارہا ہے جس پر لاگت کا تخمینہ 1670 ملین روپے ہے جبکہ فیز ون کے پارٹ بی کے تحت 11 سے 15 ڈسٹری بیوٹریز سے منسلک اراضی کو قابل کاشت بنایا جائے گا جس پر لاگت کا تخمینہ 550 ملین روپے ہے، سیکریٹری زراعت نے آگاہ کیا کہ پنجگور میں 400 ملین روپے کی لاگت سے ایک ہزار ٹن استعداد کا حامل ڈیٹ پروسیسنگ پلانٹ اور کولڈ اسٹوریج کے قیام کا منصوبہ بھی زیر تکمیل ہے، انہوں نے اجلاس کو میرانی ڈیم کمانڈ ایریا ڈویلپمنٹ پروگرام اور متاثرین ڈیم کو معاوضوں کی ادائیگی کے امور سے متعلق بھی بریفنگ دی، وزیراعلیٰ نے متاثرین کو معاوضوں کی ادائیگی کی تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی، سیکریٹری زراعت نے وفاقی حکومت کی معاونت سے صوبے کے جنوبی علاقوں میں زرعی ترقی کی مجوزہ منصوبے کے حوالے سے بھی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ صوبے کے دس جنوبی اضلاع میں زرعی ترقی کے لئے قلیل مدتی، وسط مدتی اور طویل مدتی منصوبے وفاقی کو بھجوائے گئے ہیں، اس موقع پر وزیراعلیٰ نے محکمہ کے ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ مقامی انجینئرز کو روزگار دے کر اپنے ترقیاتی منصوبوں پر خود کام کرے۔

شال بقیہ 2

مینگل کے چیئرمین اختر حسین لانگو، اسٹینڈنگ کمیٹی فار وومن کے چیئرمین احمد نواز بلوچ، کوئٹہ پریس کلب کے جنرل سیکرٹری ظفر بلوچ اور بلوچستان میں خواتین اور بچوں کے حقوق کے لئے کام کرنے والی تنظیموں بارڈ کے نمائندے ضیا بلوچ، عورت فاؤنڈیشن کے علاؤالدین خلجی، آزاد فاؤنڈیشن کے گل خان نصیر، شرکت گاہ کی حمیدہ نور، سپیس کی رضیہ سلطانہ، دلی کی شمرین، روبینہ شاہ، صوبیہ شیخ، یوتھ ایکٹیویسٹ نمرہ پرکانی، خدمت خلق فاؤنڈیشن کی صائمہ جاوید، معروف شاعرہ جہاں آرا تبسم، ذوالفقار دیگر نے کوئٹہ میں سٹیک ہولڈرز آن وومن امپاورمنٹ وسٹیج پارلیمنٹریز کے نام سے منعقدہ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ خواتین کے حقوق کے لئے سرگرم تنظیموں کے نمائندوں نے اجلاس کے دوران اپنی تجاویز اور آراء پیش کرتے ہوئے کہا کہ صوبے میں فی میل شرح تعلیم انتہائی کم ہے بچیوں کی بڑی تعداد سکولوں سے مختلف وجوہات کی بنا پر ڈراپ آؤٹ ہوجاتی ہیں، پرائمری کے بعد بچیوں کے لئے قریب مڈل سکول کی سہولت نہیں ہے انہیں دور دور علاقوں اور شہروں میں جاکر تعلیمی اداروں میں داخلہ لینا پڑتا ہے انہیں تعلیمی اداروں تک جانے کے لئے ٹرانسپورٹ کی سہولت نہیں بلکہ سکولوں میں فی میل اساتذہ کے نہ ہونے کی وجہ سے بھی طالبات تعلیمی سلسلہ ادھورا چھوڑ جاتی ہیں یا پھر والدین انہیں سکولوں سے نکلوا دیتے ہیں۔

شال بقیہ 3

گیمو بائی حکومت عوام کی فلاح وبہبود کے لئے مختلف قسم کے منصوبے تیار کررہی ہے جلد ہی ان کے ثمرات عوام کے سامنے ہونگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی قیادت میں صوبے سے پسماندگی کا مکمل خاتمہ ہوجائے گا صوبے کے اندر تعلیم اور صحت کے شعبے میں بنیادی بنیادوں پر کام جاری ہے پہلے مرحلے میں ڈویژن کے تمام ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز کے ہسپتالوں میں بہتری لائی جارہی ہے جہاں عوام کو ہر قسم کے ڈاکٹرز اور تمام تر سہولیات میسر آسکیں گی انہوں نے کہا کہ صوبے کے اندر دیگر شعبوں میں بھی عوامی مفادات کو مدنظر رکھکر اصلاحات لائی جارہی ہیں تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ فائدہ اور سہولیات مل سکیں حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ حلقہ انتخاب کے عوام کو کسی صورت بھول نہیں سکتے ان کے مسائل کو اپنا مسئلہ سمجھ کر ان کے حل کے لئے بھرپور اقدامات کیئے جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے بے روزگاری کے خاتمے کے لئے تمام محکموں میں خالی اسامیوں کو مشتہر کرنے کا سلسلہ شروع کردیا ہے جن کے ٹیسٹ وانٹرویو کے بعد میٹرک پر آرڈر تقسیم کیئے جائیں گے۔

شال بقیہ 4

یہ نئی ذمہ داریاں، آپ کے شاندار سروس ریکارڈ کو پیش نظر رکھتے ہوئے سونپی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان میں قیام امن پورے خطے میں امن واستحکام کے حوالے سے ناگزیر ہے۔ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ آپ ایسے وقت میں بطور سفیر اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے جارہے ہیں جب پاکستان کو داخلی اور خارجی طور پر بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے۔ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ آپ جیسے وسیع تجربہ کے حامل سفارت کار کی بطور سفیر تعیناتی سے پاک افغان دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں مدد ملے گی۔ وزیر خارجہ نے نئے نامزد سفیر کو پیشہ ورانہ امور اور فارن پالیسی ترجیحات کے حوالے سے خصوصی ہدایات دیں۔ نامزد سفیر برائے افغانستان منصور احمد خان نے وزیر خارجہ کی طرف سے کی طرف سے دی جانے والی خصوصی ہدایات پر، ان کا شکریہ ادا کیا، منصور احمد خان اس سے قبل دبئی میں بطور سفیر اپنی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔

شال بقیہ 5

اپنایا کہ بڑے ٹیکس دہندگان سے ٹیکس کی وصولی صوبائی حکومت کو اعتماد میں لیے بغیر کراچی منتقل کردی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسا کرنے سے عدالت کے دائرہ اختیار کی بھی خلاف ورزی ہوئی ہے اور وہ اب صرف سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کرسکیں گے۔ عدالت نے حکم دیا کہ اس ضمن میں بلوچستان کے لیے اٹارنی جنرل اور ایڈووکیٹ جنرل کو نوٹسز جاری کیے جائیں۔ بلوچستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداروں نے کوئٹہ ریجن کے چیف کمشنر سے بھی مطالبہ کیا تھا کہ وہ چند روز قبل کیے گئے اس فیصلے پر نظرثانی کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کی کاروباری برادری کے لیے کراچی میں اپنے ٹیکس جمع کروانا مشکل ہے۔ وکیل نے نشاندہی کی کہ کراچی اور ملک کے دیگر حصوں کے تاجروں نے اپنی صنعتیں بلوچستان کے صنعتی شہر حب میں قائم کی ہیں تاہم وہ کراچی میں ٹیکس جمع کراتے رہے ہیں۔ عامر رانا کا کہنا تھا کہ ایسے صنعتکار اور فیکٹری مالکان بلوچستان میں اپنے دفاتر کھولیں۔

شال بقیہ 6

نمائندہ کے علاوہ سینٹ کے تمام اراکین موجود تھے، بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے تیسرے سینٹ اجلاس میں ادارہ کے ملازمین کے تحفظات، پینشن اور گریجویٹی سے متعلق درپیش مشکلات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور یونیورسٹی ایکٹ 2017 سیکشن 53 کے تحت درپیش مشکلات اور مسائل کو ترجیح بنیادوں پر حل کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ بولان میڈیکل یونیورسٹی کے تیسرے سینٹ اجلاس کے شرکاء کی سفارشات اور تجاویز کے نتیجے میں کئی اہم فیصلے کیے گئے ہیں اجلاس میں یہ طے پایا گیا کہ سیکشن 4(2) بولان یونیورسٹی ایکٹ کے تحت بولان میڈیکل کالج اور ڈینٹل سیکشن کے ملازمین محکمہ صحت حکومت بلوچستان سول سروٹ ایکٹ 1974 کے دائرہ اختیار میں فرائض سرانجام دیگے اور محکمہ صحت بلوچستان ملازمین کی خدمات کو بولان میڈیکل یونیورسٹی کیلئے فراہم کریگے جو یونیورسٹی سروس کے قواعد وضوابط کے مطابق ہونگے۔ بولان یونیورسٹی ایکٹ کی دفعہ 38 (1) کے مطابق حکومت بلوچستان کے مالی امور ومعاملات کو چلانے کیلئے یونیورسٹی کو فنڈز فراہم کریگی۔ وائس چانسلر بحیثیت پرنسپل اکاؤنٹنگ آفیسر فراہم کردہ فنڈز کے استعمال کا مجاز ہوگا۔ مزید برآں یونیورسٹی ایکٹ 38(2) بہت تخمینہ کے مطابق یونیورسٹی کے میڈیکل کالج اور ڈینٹل سیکشن کیلئے مختص بجٹ محکمہ صحت کے ذریعے فراہم کئے جائیں گے جیسا کہ مذکورہ یونیورسٹی کے قیام سے قبل کا طریقہ کار تھا۔ بولان میڈیکل یونیورسٹی کے ایکٹ کے تحت بی ایم سی اور ڈینٹل سیکشن بحیثیت کانسٹیچوئنٹ کالج کام کرتا رہے گا۔ مزید برآں مذکورہ یونیورسٹی کی انتظامیہ اپنے کانسٹیچوئنٹ کالج کے قیام کیلئے خصوصی اقدامات اٹھائے گی جس کیلئے حکومت بلوچستان، وفاقی حکومت/ہائیر ایجوکیشن کمیشن مالی معاونت فراہم کرے گی۔ بولان میڈیکل یونیورسٹی کے تیسرے اجلاس میں یہ فیصلہ بھی کیا گیا کہ یونیورسٹی انتظامیہ ایک جامع حکمت عملی کے ذریعے نئے تعلیمی پروگرامز کا اہتمام کرنے، نئے ڈیپارٹمنٹس شروع کرنے اور امتحانات کے انعقاد قانون کے مطابق یقینی بنائیگی۔

شال بقیہ 7

دن پاکستان کیلئے تاریخی دن ہے جس ہماری بہادر افواج کو دشمن فوج لوہے کے چنے چبوائے ہمارے ملک کو میلی آنکھ سے دیکھنے والے 6 ستمبر 1965 کو یاد رکھیں جس دن پاک فوج نے دشمن کو تاریخی شکست دی تھی آج کے دن ہم اپنے شہداء کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے ملک کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ دریں اثناء صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ، صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران، جمہوری وطن پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی گہرام بگٹی، بی اے پی کے رہنماء احسان اللہ خاکسار ودیگر پارٹی رہنماؤں، اور قبائلی معتبرین کے ہمراہ دوچوم میں تیمور خان کاکڑ کی شادی میں کے دعوت ولیمہ میں شرکت کی اس کے علاوہ صوبائی وزراء حاجی نور محمد خان دمڑ، سردار عبدالرحمن کھیتران، ودیگر کے ہمراہ زیارت بازار میں مدرسہ عربیہ دارالعلوم کا دورہ کیا مدرسہ کے منتظم حافظ نجیب اللہ اور حافظ شکین نے صوبائی وزراء کا مدرسہ آمد پر انکا استقبال کیا اور انہیں دینی مدرسے کو درپیش مسائل ومشکلات سے آگاہ کیا خصوصاً میں مدرسے کو بجلی کی فراہمی اور پروٹیکشن وال کی تعمیر کی اپیل کی صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے دینی مدرسے کے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرائی صوبائی وزراء اور رکن اسمبلی نے دینی مدرسہ میں زیر تعلیم طلباء سے بھی ملے اور صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے دینی مدرسہ میں زیر تعلیم غریب طلباء سمیت دیگر طلباء میں ایک، ایک، ہزار روپے بھی تقسیم کیے صوبائی وزراء، رکن صوبائی اسمبلی، اور دیگر مہمانوں کی زیارت اور دوچوم آمد اور دعوت ولیمہ میں شرکت کے دوران لیویز فورس کی جانب سے سیکورٹی کے فل پروف انتظامات کئے گئے اور سیکورٹی کی نگرانی لیویز فورس کے نائب رسالدار زیارت عمران خان دمڑ نے کی۔

شال بقیہ 8

جائیں۔ شاہد خاقان نے کہا کہ آج بھی وقت ہے تہیہ کرلیں کہ الیکشن شفاف ہوں گے، پارٹی نے میاں صاحب کو مشورہ دیا ہے کہ وہ علاج مکمل کرانے کے بعد ہی آئیں۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ علاج کروانا ان کا حق ہے عدالتیں یہی ہیں عدالتوں کی کارروائی نہیں رک رہی، میاں صاحب کی جب سرجری ہوگی تو ہسپتال جائیں گے۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ میڈیکل رپورٹ عدالت میں جمع کروادی ہیں، حکومت کے پاس بھی ہے۔

شال بقیہ 9

روں تک جانے کے لئے ٹرانسپورٹ کی سہولت نہیں بلکہ سکولوں میں فی میل اساتذہ کے نہ ہونے کی وجہ سے بھی طالبات تعلیمی سلسلہ ادھورا چھوڑ جاتی ہیں یا پھر والدین انہیں سکولوں سے نکلوا دیتے ہیں۔ گرلز سکولز انتہائی کم ہے حکومت کو چاہیے کہ مزید گرلز سکول قائم کرے اور ساتھ ہی انہیں اپ گریڈ کیا جائے تاکہ بچیوں کا تعلیمی سلسلہ ادھورا نہ چھوڑنا پڑے۔

شال بقیہ 10

مدد کی جائے، معیشت کے مسائل سب جانتے ہیں، کورونا وائرس کے بعد ایکسپورٹس بڑھنا اور ایف بی آر کے ٹیکس حاصل بہتر ہوئے ہیں، معیشت کی ترقی کے لیے کراچی کے انفرااسٹرکچر کو بہتر کرنا ہوگا، کراچی کو ایک ہزار ارب سے زائد کا پیکیج اس لیے دیا گیا تاکہ غریبوں کی مدد کی جاسکے، بیرونی سرمایہ کاروں کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی پہلی ترجیح ہے، اسٹاک ایکسچینج معیشت کا اہم حصہ ہے، تاجر آگے آئیں اور اس شعبے میں کام کریں کارکردگی کے لحاظ سے پاکستان اسٹاک ایکسچینج دنیا کی چوتھی اور ایشیا کی پہلی بڑی مارکیٹ ہے۔ پیر کو پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں 200 ارب روپے کے پاکستان انرجی سکوک 2 کی لسٹنگ کی تقریب منعقد ہوئی، وفاقی مشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ چیئرمین کے سربراہان سمیت اسٹاک ایکسچینج کے ڈائریکٹر اور دیگر شریک ہوئے۔ اس موقع پر مشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ نے گھنٹہ بجا کر کاروبار کا آغاز کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ نے کہا کہ یہاں کام کرنے والے اپنے مفادات پیچھے رکھیں ملکی مفادات کی بات کریں، دو ممالک جنہوں نے اپنے لوگوں پر توجہ دی، انہوں نے ترقی کی۔ انہوں نے کہا کہ گیس کے 90 فیصد صارفین کو زراعات دیا جارہا ہے، مارکیٹ ڈیولپمنٹ کے لیے ہم نے فیصلے کیے ہیں، اسٹیٹ بینک اور حکومت اسٹاک ایکسچینج کو خودمختار کرنا چاہتے ہیں۔ ہم جان بوجھ کر کسی بھی شعبہ پر کوئی اضافی بوجھ نہیں ڈالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مل کر کام کریں گے اور ملکی معیشت کی صلاحیت سے بھرپور فائدہ لیں گے، پاکستانی مصنوعات کے لیے نئی مارکیٹ ڈھونڈیں، ہم سب مل کر پاکستانی عوام کی توقعات پوری کریں گے۔ وفاقی مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے خطاب میں کہا کہ نیم ورک اور مل کر کوششوں سے ہی معیشت کو ترقی دی جاسکتی ہے، کرپشن پر قابو پاکر ذاتی مفادات کو بالائے طاق رکھ کر معیشت کو بہتر بنانا ہے، جنہوں نے اپنے ممالک میں سرمایہ کاری کی انہوں نے ترقی کرنے ہوں گے، ڈالر کمائے بغیر لوگوں کے حالات نہیں بدل سکتے۔ انہوں نے کہا کہ جنگ عظیم کے بعد تمام ممالک ایک جیسی حالت میں تھے تاہم اب کسی ممالک کی فی کس آمدنی 2 ہزار ڈالر تو کسی کی 50 ہزار ڈالر تک ہے۔ کسی کے آگے بڑھنے اور کسی کے پیچھے رہ جانے کی وجوہات سے ہمیں سیکھنا ہے، جن ممالک نے اپنے لوگوں پر سرمایہ کاری کی انہوں نے ہی ترقی کی ہے۔ کوئی بھی ملک ترقی نہیں کرسکتا اگر وہ دنیا کے دوسرے ممالک کے ساتھ تجارت یا سرمایہ کاری نہ کرے۔

شال بقیہ 11

ضرورت ہے۔ پیر کو صدر عارف علوی سے افغانستان میں پاکستان کے نامزد سفیر منصور احمد خان نے ملاقات کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان افغانستان کے ساتھ اپنے تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، اور افغانستان میں امن اور معاشی ترقی چاہتا ہے۔ صدر عارف علوی نے کہا کہ پاکستان افغانستان میں امن واستحکام کے فروغ کے لئے مخلصانہ کوششیں کررہا ہے، پرامن اور مستحکم افغانستان نہ صرف دونوں ہمسایہ ممالک بلکہ پورے خطے کے مفاد میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان مشترکہ ثقافت اور مذہب کے حامل ہیں اور دونوں ممالک کے مابین تعلقات کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ صدر عارف علوی نے کہا کہ نامزد سفیر دونوں ہمسایہ ممالک کے مابین اقتصادی، سیاسی اور عوامی روابط کو مستحکم کرنے کے لئے کام کریں۔

شال بقیہ 12

کے حوالے جاری ٹوئیٹیکشن کو واپس لیکر بولان میڈیکل کالج کی پرانی حیثیت بحال کردی، کالج کے تمام ڈاکٹرز اور ملازمین محکمہ صحت کے ماتحت ہوں گے، ٹوئیٹیکشن میں مزید کہا کہ کالج کے ملازمین کے سروس معاملات بلوچستان سول سروٹ ایکٹ مجریہ 1974 کے تحت ہوں گے وہ تمام پروفیسرز، ملازمین اور ڈاکٹرز جو ڈپیٹیشن پر بولان میڈیکل یونیورسٹی میں ملازمت کریں گے، ان ملازمین کی ترقی پینشن گروپ انشورنس، جی پی فنڈ کی ادائیگی حکومت بلوچستان کرے گی۔

شال بقیہ 13

خاطر جرأت وشجاعت کی لازوال داستانیں رقم کیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ مادر وطن پر جان نچھاور کرنے اور جانبازی دکھانے والے قوم کے ہیرو ہیں، پوری قوم دفاع وطن کیلئے متحد ہے۔

شال بقیہ 14

نے کہا کہ کراچی کا چہرہ ہم بدلیں گے، کراچی نے ہمیں بڑا مینڈیٹ دیا ہے، کراچی والوں کے ماضی کی حکومتوں سے جو گلے شکوے رہے ہیں وہ دور کریں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کے ترقیاتی پیکج کا سب سے بڑا حصہ بلوچستان کے لیے مختص کردیا گیا اور دوسرا حصہ کراچی کے لیے ہے۔

شال بقیہ 15

لیں۔ اجلاس میں 15 ستمبر سے تعلیمی اداروں میں پڑھائی کا سلسلہ بحال کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے۔ اجلاس میں اتفاق کیا گیا کہ 15 ستمبر سے اسکولوں میں نویں، دسویں کی کلاسیں، کالج اور جامعات کھل جائیں گی۔ اجلاس میں پری پرائمری اور پرائمری کلاسز 30 ستمبر سے شروع کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا جبکہ چھٹی سے آٹھویں تک کی کلاسیں 23 ستمبر سے شروع ہوں گی۔ اجلاس کے بعد میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے کہا کہ والدین کا شکریہ جنہوں نے انتہائی قفل سے 6 ماہ گزارے، 15 ستمبر سے ہائر ایجوکیشن کے ادارے اور کالجز کھل جائیں گے، نویں، دسویں اور گیارہویں کی کلاسز کو بھی اجازت دیدی گئی ہے۔ شفقت محمود نے تصدیق کی کہ 23 ستمبر کو چھٹی، ساتویں اور آٹھویں جماعت کے طلباء بھی اسکول جاسکیں گے۔

شال بقیہ 16

فراہم کی جاسکیں، مینی نے سرمایہ کاروں کی جانب سے ملنے والی پیشکشوں کو جلد پروسیس کرنے کیلئے بنائے گئے انویسٹمنٹ پروسیس پورٹل کی منظوری بھی دی، یہ انتہائی جدید طرز کا پورٹل ہوگا جس میں سرمایہ کاروں کے پروپوزلز پر تیز رفتار کام اور فیصلہ ممکن ہوگا، تمام امور چند دن میں مکمل ہونگے اور وقت کی بچت بھی ہوگی، اس پورٹل میں تمام سسٹم بغیر فائل اور پیپر کے کمپیوٹرائزڈ طریقے سے انجام پائے گا، اسکے علاوہ پنجاب آئی ٹی بورڈ کی مشاورت سے بزنس رجسٹریشن پورٹل بنایا جارہا جس کیذریعے تمام سرمایہ کاروں اور بزنس کمیونٹی کو بزنس شروع کرنے کیلئے رجسٹریشن، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، اے سی، سوشل سیکورٹی، پارٹنرشپ فرم سمیت تمام محکموں کی مطلوبہ این او سیز آن لائن مل سکیں گی، یہ پورٹل ایس ای سی پی اور نادرا سے بھی لنک ہوگا، جس کی تکمیل سے کاروبار میں آسانی (Ease of Doing Business) کے مراحل میں مزید بہتری آئیگی اور گھر بیٹھے لوگ کمپنی کی رجسٹریشن کر کے اپنا کاروبار شروع کرسکیں گے اس سے آن لائن ادائیگیاں بھی ہوسکیں گی، کمیٹی نے لائیو اسٹاک، معدنیات، زراعت اور دیگر شعبوں کے مختلف منصوبوں کو بھی حتمی شکل دیدی، جن کی کسی معروف اور بین الاقوامی شہرت کی حامل تھرڈ پارٹی سے فزیبلٹی اسٹڈی کرائی جائیگی جو سرمایہ کاروں کو پیش کی جائیگی، اجلاس میں ایک سرمایہ کاری یا بزنس سہولت سنٹر کے قیام کی بھی منظوری دی گئی جس سے تمام محکموں کے کام ون ونڈو آپریشن کے تحت ہو سکیں گے اس سنٹر کا آئی ٹی سلوشن بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ نے تیار کرلیا ہے جسے کمیٹی نے خوب سراہا اور کہا کہ بی بی او آئی ٹی اب اس قابل ہوگیا ہے کہ جو جدید کام یہاں ہورہا ہے دیگر صوبوں کے بورڈ بھی اس کی جانب دیکھ رہے ہیں اور اپنے صوبوں میں ایسے اقدامات پر عمل کررہے ہیں جو اپنی نوعیت کی پہلی مثال ہے۔

شال بقیہ 17

حب ریور پل کو کوئی خطرہ نہیں، اس کے ستون مضبوط ہیں۔ شاہد احسان اللہ نے کہا کہ حب ریور پل کے ستون میں نقائص نہیں، ڈیزائن کے مطابق نیڑھے بنے ہوئے ہیں۔ حب ریور پل اپنی ساخت کے اعتبار سے مستحکم ہے انہوں نے کہا کہ حال ہی میں پل کی مرمت ہوئی ہے، 2014 اور 2018 میں بھی مرمتی کام کیا گیا۔ این ایچ اے کے ذمہ داران ہر چھ ماہ میں پلوں کا معائنہ کرتے ہیں واضح رہے کہ گزشتہ دو روز سے میڈیا میں خبر گردش کررہی تھی کہ کراچی کو بلوچستان سے ملانے والا حب ندی کا واحد پل بارشوں کے بعد سیلابی ریلوں کی زد میں آکر خستہ حالی کا شکار ہوگیا، پل کے دو ستونوں کے چیتڑے گرگئے، سریے نظر آنے لگے۔

شال بقیہ 18

کی۔ یوم دفاع کے حوالہ سے پاکستان کوسٹ گارڈز میرین ونگ کیماڑی کے زیر اہتمام منوڑہ سے لیکر کیماڑی تک کشتی رانی ریس کا انعقاد کیا گیا۔ منوڑہ سے شروع ہونے والی اس ریس میں 20 کشتیوں نے حصہ لیا، مقابلے میں بہت جوش وخروش دیکھنے کو ملا پاکستانی جھنڈے اٹھائے ہوئے مقابلے میں شریک ماہی گیروں نے پاک افواج اور ملکی یکجہتی کے لئے بھرپور نعرے لگائے اور شرکاء سے خوب داد سمیٹی۔ ہر ماہی گیر کی کوشش تھی کہ وہ اس ریس کو جیتے۔ پاکستان کوسٹ گارڈز زیوم دفاع پاکستان کشتی رانی کے مقابلے میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے ماہی گیروں کی تفصیل کچھ اس طرح سے ہے۔ پہلی پوزیشن لینے والے ماہی گیر انور شہزاد دوسری پوزیشن لینے والے ماہی گیر الکاشف عمران تیسری پوزیشن لینے والے ماہی گیر البرق اویس پاکستان کوسٹ گارڈز کشتی رانی مقابلے کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل پاکستان کوسٹ گارڈز بریگیڈیر ثاقب قمر نے مقابلے میں پوزیشن لینے والے ماہی گیروں میں نقد انعامات تقسیم کیے اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ آخر میں مقابلے میں حصہ لینے والے ماہی گیروں سے خطاب کے دوران انہوں نے کہا کہ مقابلے کا مقصد جذبہ حب الوطنی اور قومی سلامتی کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا انہوں نے مزید کہا کہ اس طرح کی سرگرمیاں مستقبل میں بھی جاری رہیں گی جس سے پاکستان کوسٹ گارڈز اور ماہی گیروں کے درمیان محبت اور حب الوطنی کی روایت قائم ودائم رہے گی۔

شال بقیہ 19

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ غریب دوست اقدامات کرکے ملک کے متوسط، غریب اور مزدور طبقے کو ریلیف فراہم کیا یہی وجہ ہے کہ پیپلز پارٹی کو غریبوں کی جماعت بھی کہا جاتا ہے کہ کیونکہ ہم نے ہمیشہ بلاتفریق عوامی مفاد میں فیصلے کیے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے بلوچستان میں ریکارڈ ترقیاتی فنڈز جاری کرکے یہاں کی پسماندگی کو دور کرنے کی بنیاد رکھی لیکن موجودہ وفاقی حکومت نے بلوچستان کی ترقی کو صرف اخباری بیانات تک محدود کر رکھا ہے صوبے میں غربت کی شرح دن بدن بڑھ رہی ہے آج بلوچستان میں لوگ دو وقت کی روٹی کو ترس رہے ہیں لیکن اسلام آباد میں بیٹھے حکمران سب اچھا ہے کہ دعوے کررہے ہیں انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت صرف اور صرف اشرافیہ اور حکومت میں بیٹھی مافیا کو نوازنے کے لئے بنی ہے جبکہ عوام کو مہنگائی، بے روزگاری، غربت، افلاس وبھوک کے تحفے دیئے جارہے ہیں انہوں نے کہا کہ عوام اس سلیکٹڈ حکومت سے بیزار آچکی ہے وہ دن دور نہیں جب اس حکومت کو عوام ایوان سے نکال باہر کریں گے اور پیپلز پارٹی ایک بار پھر عوام کی طاقت سے ایوانوں میں آکر عوامی مسائل کو حل کریگی۔

شال بقیہ 20

میر عبدالرحمن زہری کی قیادت میں ملاقات کرنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر نصیر خان اچکزئی، عبدالوہاب اٹل، حیدر خان اچکزئی سمیت دیگر بھی موجود تھے، جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ مسلم لیگی رہنماؤں اور کارکنوں نے کڑے وقت میں چٹان بن کر پارٹی کو زندہ رکھا ہے یہی وجہ ہے کہ آج عوام کی بڑی تعداد مسلم لیگ (ن) کے بیانیے کی حمایت کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے ہر دور میں ملک کو ترقی کی نئی راہوں پر گامزن کیا اور ملک کا دفاع ناقابل تسخیر بنایا جدید اور بہترین مواصلاتی نظام، سی پیک کی عملی طور پر فعالی، ایٹم بم، نوجوانوں کو باعزت روزگار کی فراہمی، صنعتوں کی بہتری، لوڈشیڈنگ کا خاتمہ سمیت دیگر اہم سنگ میل مسلم لیگ (ن) کے ادوار حکومت میں عبور کئے گئے لیکن افسوس کیساتھ کہنا پڑتا ہے کہ حکومت نے عوام کو بھی اپوزیشن سمجھ کر نوجوانوں کے لئے بلا سود قرضے، انٹرنشپ اور اسکالرشپ منصوبے، لیپ ٹاپ اسکیم سمیت دیگر کئی منصوبے سیاسی عناد کی بنیاد پر بند کردیئے جسکا نقصان عوام کو اٹھانا پڑ رہا ہے لیکن عوام کو ہمارا پیغام ہے کہ وہ مایوس نہ ہوں مسلم لیگ (ن) کا دور آنے والا ہے جس میں ایک بار پھر انکے مسائل حل ہونے کا سلسلہ شروع ہوگا۔ اس موقع پر مسلم لیگ (ن) قلات ڈویژن کے صدر میر عبدالرحمن زہری نے جمال شاہ کاکڑ کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ خضدار سمیت قلات ڈویژن میں پارٹی بھرپور انداز میں فعال ہورہی ہے آنے والے دور میں مسلم لیگ (ن) قلات ڈویژن میں مزید کامیابیاں سمیٹے گی اس کے ساتھ ہی کئی اہم شخصیات بھی پارٹی میں شمولیت کے لئے رابطے میں ہیں۔

شال بقیہ 21

کورونا وائرس کے دوران انسداد پولیو مہم میں تاخیر ہے انسداد پولیو مہم نہ ہونے کے باعث بچوں کی قوت مدافعت کمزور ہونے لگی ہے جس کی وجہ سے پولیو وائرس اثر انداز ہونے لگا ہے۔ پولیو وائرس کے کیسز کو روکنے کے لئے انسداد پولیو مہم چلائی جائے گی۔

شال بقیہ 22

اقوام لہڑی اور نوڈی کار میں امان اللہ ولد محراب خان قوم بگٹی سکنہ خضدار زخمی ہوگئے زخمیوں کو آر ایچ سی مندے حاجی میں طبی امداد کے بعد فارغ کردیا گیا مزید تفتیش مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔

شال بقیہ 23

ہم آج اکٹھے ہوئے ہیں اس موقع پر اتفاق رائے سے نورکنی کا پینل تشکیل دی گئی جس کے مطابق صدر دوست محمد ترین جنرل سیکرٹری حاجی قیوم خلجی چیئرمین حاجی حمید سینئر نائب صدر ملک انور کاسی نائب صدر ملک سلیم کاسی ڈپٹی جنرل سیکرٹری اللہ نور اسرار ڈپٹی چیئرمین حاجی لطیف فنانس سیکرٹری عمران پریس سیکرٹری ہم نے لاک ڈاؤن میں مشن روڈ میں کئی بار سیل دکانیں کھولوائیں مگر ہم نہ کسی پر احسان کیا نہ ہی آگے دن دوسروں کی طرح اجرت لینے کیلئے حاضر نہیں ہوئے بلکہ یہ سب کچھ اپنا فرض سمجھ کر کیا اور انشاء اللہ کرتے رہیں گے تاجر رہنماؤں نے اجلاس کو بتایا کہ ہم نے کوئٹہ بھر میں تنظیم سازی کا فیصلہ کیا ہے کورونا وائرس کی وجہ سے اس میں تعطل پیدا ہوا اب انشاء اللہ ہم تنظیم سازی کا کام شروع کررہے ہیں۔

شال بقیہ 24

کارڈز اٹھا رکھے ہیں جن پر انصافی فراہمی کے مطالبات درج تھے معمر خاتون نے بتایا کہ تین سال قبل ان کی بیٹی جو کہ تین بچوں کی ماں تھی

ماڈل کورٹ نے ٹریفک سارجنٹ قتل کیس کا تفصیلی فیصلہ جاری کردیا

کیس میں اپیل کی درخواست کی تیاری آخری مراحل میں ہے، عبدالرزاق چیمہ

تفصیلی فیصلے اور دستاویزات کا جائزہ لیکر درخواست کو حتمی شکل دیں گے، ایڈیشنل آئی جی پولیس

کوٹ لاکھو سابق وزرائے خزانہ میر خالد لانگو اور میر عاصم کرد گیلو خوشگوار موڈ میں بات چیت کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پولیس نے ٹریفک وارڈن قتل کیس میں سابق ایم پی اے عبدالمجید اچکزئی کی بریت کے فیصلے کے خلاف اپیل دائر کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ ایڈیشنل آئی جی بلوچستان عبدالرزاق چیمہ کا کہنا ہے کہ کیس میں اپیل کی درخواست کی تیاری آخری مراحل میں ہے، تفصیلی فیصلے اور دستاویزات کا جائزہ لیکر درخواست کو حتمی شکل دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایڈیشنل کورٹ کے فیصلے کے خلاف جلد ہائی کورٹ میں اپیل دائر کریں گے۔ واضح رہے کہ 4 ستمبر کو بلوچستان کی ماڈل کورٹ نے کوئٹہ میں ٹریفک سارجنٹ کے قتل کیس میں سابق ممبر صوبائی اسمبلی (ایم پی اے) مجید خان اچکزئی کو عدم ثبوت پر بری کیا تھا۔ 2017 میں بلوچستان کی اسمبلی کے رکن اور اس وقت پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین مجید اچکزئی پر سارجنٹ عطاءاللہ کو گاڑی کی ٹکر سے ہلاک بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

پیپلز پارٹی بلوچستان بھر میں بڑی اور مضبوط قوت بن کر ابھر رہی ہے، بلال خان عمرانی

بلاول بھٹو زرداری مستقبل کے وزیراعظم ہیں اور بینظیر بھٹو کا عکس ہیں

عوام کی بہت سی توقعات ان سے وابستہ ہیں، نصیر آباد کے ڈویژنل صدر پیپلز پارٹی نصیر آباد

تمبو (آن لائن) پیپلز پارٹی نصیر آباد کے ڈویژنل صدر میر بلال خان عمرانی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی بلوچستان بھر میں بڑی اور مضبوط قوت بن کر ابھر رہی ہے کیونکہ پی پی پی کی جمہوریت کیلئے قربانیاں کسی سے پوشیدہ نہیں یونین کونسل شرقی ڈیرہ مراد جمالی میں شمولیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں پیپلز پارٹی بڑی قوت بن کر ابھرے گی اور یہی وجہ ہے کہ صوبہ بھر میں سنجیدہ فکر لوگ پیپلز پارٹی میں شامل ہو رہے ہیں اس موقع پر مختلف اقوام جن میں بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

بی پی ایل اے ایگزیکٹیو کونسل کا اجلاس بدھ کے روز کینٹ کالج میں منعقد ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن کی ایگزیکٹیو باڈی کا اجلاس کل بروز بروز کینٹ کالج میں منعقد ہوگا۔ بلوچستان پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری پروفیسر نذیر لہڑی کے جاری کردہ اعلامیے بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات اور ادویات فراہم کی جارہی ہیں، جام کمال

صوبے کی مختلف قومی شاہراہوں پر ایم ای آر سی کے 25 سے زائد ایمرجنسی مراکز میں 800 سے زائد تربیت یافتہ عملہ تعینات ہے

شعبہ صحت کی بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ہم اس حوالے سے عوام کے سامنے جوابدہ ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ اگر ہم بنیادی مراکز صحت کی سروسز کو بہتر بنادیں تو بڑے ہسپتالوں پر بوجھ کم ہوسکتا ہے، بنیادی مراکز صحت میں تعینات عملے کی حاضری کو یقینی بنانا اہم ہے اس حوالے سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفسروں اور ڈپٹی کمشنروں کو عملے کی حاضری یقینی بنانے کی ذمہ داری سونپی جائے گی، شعبہ صحت کی بہتری حکومت کی اولین ترجیح ہے اور ہم اس حوالے سے عوام کے سامنے جوابدہ ہیں، ان خیالات بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

کوئٹہ صوبائی وزیر پی ایچ ای داسا حاجی نور محمد خان دمڑ سے صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ عمر جمالی ملاقات کر رہے ہیں

شہدا چھ ستمبر نے اپنا لہو دے کر پاکستانی قوم کا سر فخر سے بلند کردیا ہے، محمد یونس خان سنجرانی

حمیدین (نامہ نگار) ملک بھر کی طرح صحت پور میں بھی 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کی مناسبت سے ڈپٹی کمشنر صحت پور محمد یونس خان سنجرانی کی قیادت میں ڈپٹی کمشنر آفس سے ریلی نکالی گئی جس میں ضلع بھر کے افسران نے بڑی تعداد میں نے شرکت کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر صحت پور محمد یونس خان سنجرانی نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ شہدا چھ ستمبر نے اپنا لہو دے کر پاکستانی بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

عبدالستار محمد حسنی کی صحافتی خدمات کی بہترین صلاحیتوں کو یاد رکھا جائے گا، پروفیسر عثمان لودھی

حب (این این آئی) بلوچستان پروفیسرز اینڈ لیکچررز ایسوسی ایشن حب یونٹ کے صدر پروفیسر عثمان لودھی اور جنرل سیکرٹری پروفیسر اعجاز احمد نے اپنے تعزیتی پیغام میں لسبیلہ کے سینئر صحافی ون نیوز کے رپورٹر عبدالستار محمد حسنی اور انکے دو بچوں کی ٹریفک حادثہ میں المناک وفات پر رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عبدالستار محمد حسنی کی صحافتی بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

ڈایریکٹر فنانس کو پوری طور پر سیٹ سے ہٹایا جائے بصورت دیگر عوام سخت احتجاج ریکارڈ کرائیں گے، مولانا محمد ایوب ایوبی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی نائب امیر مولانا عبدالغفور مدنی ضلعی نائب امیر مولانا محمد ایوب ایوبی حاجی علاؤالدین نے کہا کہ ڈایریکٹر فنانس کو پوری طور پر سیٹ سے ہٹایا جائے بصورت دیگر عوام سخت احتجاج بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

سانحہ بیلہ نے معاشرے کے تمام لوگوں کو غمزدہ کردیا ہے، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی

لواحقین رقم میں تاخیر کورونا کی وجہ سے ہوئی ہے اور جن لوگوں کے سوا ہے ابھی تک نہیں ملے ہیں انھیں بہت جلد فراہم کیے جائیں

پنجگور (این این آئی) پنجگور 21 جنوری 2019 کو بیلہ میں المناک کوچ حادثے میں شہید ہونے والے 18 افراد کے لواحقین میں فی کس پانچ لاکھ روپے کی امدادی چیک تقسیم کیئے گئے ڈسٹرکٹ کونسل ہال پنجگور میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی نے متاثرین میں چیک تقسیم کیئے اس موقعے پر بی این پی عوامی کے مرکزی لیبر سیکرٹری نور احمد بلوچ ضلعی جنرل سیکرٹری ظفر بختیار، سوشل ویلفیئر کے ڈپٹی ڈائریکٹر رحمدل بلوچ، انفارمیشن سیکرٹری میجر شوکت بلوچ فنانس سیکرٹری میر سلیمان سدوزئی حاجی محمد اکبر محمد زمان تحقیق الرحمن اسسٹنٹ کمشنر پنجگور امجد حسین سومرو اے سی کوارگو بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

محکمے میں اکثر افسران غلط کاموں کی وجہ سے بلیک میلنگ کا شکار ہیں، محمد رمضان اچکزئی

یونین کی رجسٹریشن رجسٹرار ٹریڈ یونینز بلوچستان نے منسوخ کردی ہے

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان ورکرز کنفیڈریشن بلوچستان کے رہنماؤں محمد رمضان اچکزئی، محمد یوسف کاکڑ، محمد اشرف، محمد رفیق لہڑی، ولی محمد کاکڑ، عبدالظاہر ریاسانی، عبدالحئی، عبدالباقی لہڑی، محمد یار علیزئی، سید آغا محمد اور دیگر نے ایک مشترکہ اخباری بیان کے ذریعے ایریکشن کمیشن لیبر یونین (سی بی اے) کے صدر محمد عمر جنگ پر اخذ سیکریٹری ایریکشن ڈپارٹمنٹ کے حملے کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے پولیس انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ قانون کے مطابق ملزم کے خلاف ایف آئی آر درج کرنے کی درخواست پر کارروائی عمل میں لائے۔ انہوں نے چیف سیکریٹری اور سیکریٹری ایریکشن بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سعید میرانی ڈی ایچ او آفس میں میڈیسن سٹور کا معائنہ کر رہے ہیں

نواحی علاقہ سمبڑی میں بارش کے پانی میں ڈوب کر قبائلی رہنما کا کمسن بھتیجا جان بحق

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) نواحی علاقہ سمبڑی میں بارش کے پانی میں ڈوب کر قبائلی رہنما کا کمسن بھتیجا جان بحق پولیس کے مطابق گزشتہ روز نواحی علاقے سمبڑی میں بارش کے پانی بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

حماس نے امریکا کی انتہا پسند تنظیم کے ساتھ رابطوں کا الزام مسترد کردیا

امریکا ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت قضیہ فلسطین کے وجود کو ختم کرنا چاہتا ہے، حماس کا ردعمل

غزہ (این این آئی) اسلامی تحریک مزاحمت حماس نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کی انتظامیہ کی طرف سے عاید کردہ الزام مسترد کردیا ہے جس میں انہوں نے کہا تھا کہ حماس کے امریکا کی ایک خلاف قانون تنظیم ہونگا لو مومنٹ کے ساتھ رابطے ہیں، امریکا نے الزام عاید کیا بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

چمن پاک افغان بارڈر پر روزگار بندش کیخلاف احتجاجی دھرنا

پاک افغان بارڈر پر روزگار بندش کے خلاف احتجاجی دھرنا بارڈر کھلنے کے باوجود ہزاروں افراد تاحال چانس پیکج سے محروم

جلد سے جلد بارڈر پر چانس کو غریب عوام کے روزگار کیلئے بحال کیا جائے، احتجاجی مظاہرے سے خطاب

چمن (آن لائن) چمن پاک افغان بارڈر شاہراہ پر روزگار بحال یونین کی جانب سے پاک افغان بارڈر پر روزگار بندش کے خلاف احتجاجی دھرنا بارڈر کھلنے کے باوجود ہزاروں افراد تاحال چانس پیکج سے محروم، جلد سے جلد بارڈر پر چانس کو غریب عوام کے روزگار کیلئے بحال کیا جائے تفصیلات کے مطابق چمن پاک افغان بارڈر شاہراہ ایف سی ہیڈ کوارٹر کے سامنے روزگار بحالی کمیٹی کی جانب سے بارڈر پر روزگار کی بندش کے باعث احتجاجی دھرنا پاک بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

ڈی ڈپٹی کمشنر قربان علی گمسی یوم دفاع پاکستان کے مناسبت سے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرنیوالے کھلاڑیوں میں انعامات وٹرافی تقسیم کر رہے ہیں

سکون وراحت کا خوش گوار ماحول بنانے کے لیے عفو درگذر اسلامی تعلیمات کی شان ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

قرآنی تعلیمات میں عفو کے کردار پر دینی بندش کی اہمیت کا جہاں تذکرہ ہے وہاں ہر ان کی عفو درگزر بھی عوام کو رغبت ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق نے گزشتہ روز سریاب میں ایک مصالحتی جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سکون وراحت کا خوش گوار ماحول بنانے کے لیے عفو درگذر اسلامی تعلیمات کی شان ہے اس موقع پر ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ، ممتاز قبائلی وسیاسی شخصیت سابق رکن قومی اسمبلی سردار کمال خان مینگل، سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا غلام حیدر، مولانا محمد اکبر مینگل، مفتی عبدالستار، بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں حالیہ بارشوں اور کورونا وائرس کی وجہ سے کئی شعبوں میں مسائل بڑھ گئے

سبزیوں اور پھلوں کی درآمد کی بندش سے عوام کی مشکلات میں اضافہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں حالیہ بارشوں اور کورونا وائرس کی وجہ سے جہاں کئی شعبوں میں مسائل بڑھ گئی، سبزیوں اور پھلوں کی درآمد کی بندش سے عوام کی مشکلات میں اضافہ، سبزی اور پھلوں کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں۔ گزشتہ روز صوبے کے مختلف اضلاع میں حالیہ بارشوں اور کورونا وائرس کی وجہ سے جہاں کئی شعبوں میں مسائل بڑھ رہے ہیں، وہیں سبزیوں اور پھلوں کی بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

سیکرٹری اسپورٹس بلوچستان کا عوام اور کھلاڑیوں کو ایک اور تحفہ

آل پاکستان چیف منسٹر بلوچستان گولڈ کپ فٹبال ٹورنامنٹ کے انعقاد کا اعلان کردیا

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری اسپورٹس بلوچستان کا عوام اور کھلاڑیوں کو ایک اور تحفہ، آل پاکستان چیف منسٹر بلوچستان گولڈ کپ فٹبال ٹورنامنٹ کے انعقاد کا اعلان کردیا۔ صوبائی سیکرٹری کھیل عمران بگٹی نے کہا ہے کہ ٹورنامنٹ کا شیڈول ستمبر کے آخری ہفتے میں جاری کر دیں گے ترجمان محکمہ کے امور نوجوانان بلوچستان کے مطابق موجودہ حکومت کھیلوں کے فروغ کے لیے جو اقدامات کررہی ہے اس کی مثال دور دور تک نہیں ملتی اس کی ایک بڑی وجہ یہ بھی بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

واشدین پولیس کی کارروائی غیر قانونی طور پر سفر کرنے والے 17 افراد گرفتار

واشدین (این این آئی) واشدین پولیس کی کارروائی غیر قانونی طور پر سفر کرنے والے 17 افراد گرفتار۔ پولیس کے مطابق واشدین پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر سفر کرنے والے 17 افراد کو گرفتار کرلیا جو کہ غیر قانونی طریقے سے ایران اور ترکی جانا چاہتے بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

چافی غیر قانونی ایران کے راستے سے ترکی جانیوالے افراد واشدین پولیس کی حراست میں ہے

بدحالی اور پسماندگی کے ذمہ دار ملک میں موجود اسٹیبلشمنٹ ہے، سعید علی پندرانی

ملک بالعموم اور بلوچستان بالخصوص پسماندگی لاچارگی۔ جہالت بیروزگاری اور غربت کی سنگین صورتحال سے دوچار ہے

نصیر آباد (آن لائن) نیشنل پارٹی ڈیرہ مراد جمالی کے جنرل سیکرٹری سعید علی پندرانی نے کہا کہ نصیر آباد ڈویژن کی تحت حالی۔ بدحالی اور پسماندگی کے ذمہ دار ملک میں موجود اسٹیبلشمنٹ ہے۔ جو نے اپنی مفادات اور منفی عزائم کی تکمیل کیلئے جاگیرداروں سرمایہ داروں اور غیر سیاسی بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کی سطح انصار الاسلام کو مثالی بنانے کیلئے جدوجہد جاری ہے، حافظ مجیب الرحمن ملاخیل

نظم اور ڈسپلن ہمارا امتیاز ہے انصار الاسلام نے ملک کے ہر مشکل دور میں قومی خدمات سرانجام دی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے معاونین انصار الاسلام کا اجلاس زیر صدارت ضلعی سالار حافظ مجیب الرحمن ملاخیل منعقد ہوا جس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی سالار نے کہا ہے کوئٹہ کی سطح انصار الاسلام کو مثالی بنانے کیلئے جدوجہد جاری ہے نظم اور ڈسپلن ہمارا امتیاز بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

پیرامیڈیکل اسٹاف فیڈریشن ہیلتھ میں محنت کش افراد کی نمائندہ تنظیم ہے، منیر احمد زہری

ضلع کے تمام بی ایچ یوز سمیت ڈسپنسریوں میں ادویات سمیت رہائشی کوارٹرز اور دیگر سہولیات کا فقدان ہے

خضدار (این این آئی) پیرامیڈیکل اسٹاف فیڈریشن خضدار کا ضلعی صدر منیر احمد زہری کی قیادت میں احتجاجی مظاہرہ و ریلی، مظاہرین نے ہسپتال سے خضدار پریس کلب تک مارچ کیا جن کے ہاتھوں میں پلے کارڈ اور بینرز تھے اور ان پر مطالبات کے حق میں نعرے درج تھے، بعد ازاں پیرامیڈیکل اسٹاف فیڈریشن خضدار کے ضلعی صدر منیر احمد زہری، جنرل سیکریٹری محمد اقبال بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

بھارت کے حملے کے خلاف پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہیں، نعمت اللہ ترین

تاریخ آج بھی پاک فوج کے جوانی حملے اور شجاعت کو اپنے سینے میں دفن کرکے پاک فوج کے عظیم شہداء کی لازوال قربانیوں پر نازاں ہے

بولان (این این آئی) 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ضلع کچھی کے صدر مقام ڈھاڈر میں ضلعی انتظامیہ کچھی اور تحریک جوانان پاکستان کی جانب سے مشترکہ ریلی، تقریب کا انعقاد چھ ستمبر کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا گیا ضلع کچھی کے شہید لیویز اہلکاروں کے ورثاء کو کوئٹہ بے پی کی جانب سے تعریفی شیلڈ دیا گیا تفصیلات کے مطابق یوم دفاع پاکستان کی مناسبت سے ضلع کچھی کے صدر مقام ڈھاڈر میں بھی ضلعی انتظامیہ کچھی، تحریک جوانان پاکستان نے مشترکہ ریلی نکالی ڈپٹی کمشنر کچھی بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے پی اے پی کے رہنماء آغا شکیل درانی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

عوام کے تعاون سے پولیس علاقے میں جرائم کی تدارک میں مکمل کامیاب ہوتی ہے، گل سید خان آفریدی

خضدار میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، ایس ایس پی خضدار

خضدار (این این آئی) ایس ایس پی خضدار گل سید خان آفریدی نے کہا ہے کہ پولیس علاقے میں اس وقت جرائم کی تدارک میں مکمل کامیاب ہوتی ہے جب عوام پولیس کے ساتھ تعاون کریں خضدار میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، خضدار میں تھانوں کی تعداد سات اور نفری کی تعداد صرف تین سو ہے نفری بڑھانے کی سفارشات حکام بالا کو بھیجی گئی ہے، عوام جرائم بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

سنجاوی لیویز فورس چوتیر کی کاروائی چوری شدہ گاڑی برآمد ایک چور گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) سنجاوی لیویز فورس چوتیر کی کاروائی چوری شدہ گاڑی برآمد ایک چور گرفتار تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز لورالائی سے محمد شاہ خان نامی شخص کی چوری ہونے والی گاڑی لیویز فورس چوتیر نے بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

سردار عمران گلاب روڈجو کا ایس ایس پی لسبیلہ پرویز خان عمرانی سے انکے دفتر میں ملاقات

اوتھل (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما سردار عمران گلاب روڈجو نے ایس ایس پی لسبیلہ پرویز خان عمرانی سے انکے دفتر میں ملاقات کی اور انہیں علاقائی مسائل سے آگاہ کیا اس موقع پر اوتھل کی کاروباری شخصیت نذر محمد روڈجو سابق ناظم عبدالبار روڈجو اور دیگر موجود تھے۔

بی اے پی کی صوبائی حکومت نے بلوچستان کے عوامی مسائل کے حل کیلئے مختلف منصوبے شروع کئے ہیں، سردار نور احمد بنگلزئی

یہ عوامی منصوبے مکمل ہونے سے صوبے میں ترقی وخوشحالی آئے گی اور عوام کے مسائل بھی حل ہونگے

مستونگ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی بلوچستان کے عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور عوام کی امنگوں پر پورا اتر رہی ہیں بی اے پی کی قیادت ہمیشہ عوام کے دست رست میں رہتی ہے اور عوام کے درمیان ہر جگہ موجود رہتا ہے۔ عام انتخابات میں مستونگ کے عوام نے جس اعتماد کا اظہار کر کے جو عزت اور شرف بخشی، انکو کسی صورت فراموش نہیں کیا جاسکتا اقتدار میں ہوں یا نہ ہوں مستونگ کے عوام کی خدمت کو عبادت سمجھ کر زندگی بھر جاری رکھونگا وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان عالیانی کی مخلص قیادت کی سربراہی میں بی اے پی کی صوبائی حکومت بلوچستان کی ترقی وخوشحالی، پسماندگی کے خاتمے اور عوام کے دیگر بنیادی سہولیات کے فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروکار لا رہے ہیں۔

کوئٹہ دو لاپتہ افراد کے بازیاب ہوکر گھر پہنچ جانے کی تصدیق ہوگئی

کمیشن نے چھٹے روز بھی کوئٹہ کے سکندر جمالی آڈیٹوریم میں لاپتہ افراد کے کیسز کی سماعت جاری رکھی چھٹے روز تیرہ افراد کے کیسز سنے گئے

کمیشن 12 ستمبر تک دس روزہ سماعت کے دوران مجموعی طور پر 118 لاپتہ افراد کے کیسز سنے گا

کوئٹہ زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین ورکن صوبائی اسمبلی ملک نسیم احمد شاہوانی زمیندار ایکشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی حکومت کی جانب سے لاپتہ افراد کی بازیابی کے حوالے سے قائم کمیشن کی کوئٹہ میں چھٹے روز کیسز کی سماعت میں تیرہ لاپتہ افراد کے کیسز سنے گئے دو لاپتہ افراد کے بازیاب ہوکر گھر پہنچ جانے کی تصدیق ہوگئی۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے مطابق بلوچستان ہائیکورٹ کے ریٹائرڈ جج جسٹس فضل الرحمن کی سربراہی میں قائم کمیشن نے چھٹے روز بھی کوئٹہ کے سکندر جمالی آڈیٹوریم میں لاپتہ افراد کے کیسز کی سماعت جاری رکھی چھٹے روز تیرہ افراد کے کیسز سنے گئے جن کا تعلق کوئٹہ، قلات، پنجگور، شہید سکندر آباد، بارکھان اور خضدار سے تھا چھٹے روز دو لاپتہ افراد کے بازیاب ہوکر گھر پہنچنے کی تصدیق ان کے اہل بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

مرحوم نور النبی کھوسہ کے نام سے ٹورنامنٹ کا انعقاد قابل ستائش ہے، مہمان خاص

منگچر (نامہ نگار) پہلا آل قلات مرحوم نبیز مین نور نبی کھوسہ موٹر بائیک لیور بال کرکٹ ٹورنامنٹ 2020 کا باقاعدہ آغاز، جہاز میدان کرکٹ گراؤنڈ میں سرپرست اعلیٰ ٹورنامنٹ و افتتاحی میچ کے مہمان خاص ہیکسین واپڈا قلات حاجی عبدالقیوم منگلو نے شارٹ لگا کر افتتاح کیا۔ جبکہ بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

میر اکرم بلوچ آوارانی کی قیادت میں یوم دفاع کے موقع پر ریلی کا انعقاد

اوتھل (نامہ نگار) حب پاک سرزمین پارٹی کے صوبائی رہنما میر اکرم بلوچ آوارانی کی قیادت میں یوم دفاع کے موقع پر ریلی کا انعقاد ریلی میں ضلعی صدر حافظ اکبر مینگل جنرل سیکریٹری مہم گمسی ضلع آواران کے صدر بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان صوبے کی ترقی پر خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں، حاجی عمر جان بلوچ

جو مسائل سابقہ حکمرانوں نے نظرانداز کیئے تھے وہ صوبائی حکومت خوش اسلوبی کے ساتھ حل کررہی ہے

پنجگور (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے ضلعی آرگنائزر حاجی عمر جان بلوچ نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان صوبے کی ترقی پر خصوصی دلچسپی لے رہے ہیں اور جو مسائل سابقہ حکمرانوں نے نظرانداز کیئے تھے وہ صوبائی حکومت خوش اسلوبی کے ساتھ حل کررہی ہے خصوصاً امن وامان وی بیک پر ایک مضبوط پوزیشن لیکر بلوچستان کی نمائندگی کا بھرحق ادا کررہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا بلوچستان عوامی پارٹی کے آرگنائزر حاجی عمر جان بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

منشیات نہ صرف ضلع خضدار بلکہ صوبہ بھر میں بڑی تیزی کے ساتھ پھیل رہی ہے، محمد انور گرگناڑی

ہمارے نوجوان منشیات کا عادی بنتے جارہے ہیں جو کہ ہمارے مستقبل کے لئے کسی بھی سانحہ سے کم ثابت نہیں ہوسکتا ہے

خضدار (این این آئی) نئی بننے والی جماعت بلوچستان نیشنل غریب پرور پارٹی (بی این جی پی) کی جانب سے خضدار میں منشیات کی بڑھتے رجحان کے خلاف ریلی نکالی گئی اور مظاہرہ کیا گیا۔ ریلی کے شرکاء نے خضدار میں اپنے آفس سے پریس کلب تک مارچ کیا۔ جنہوں نے ہاتھوں میں پلے کارڈ بینرز اٹھا رکھے تھے اور ان کی قیادت بی این جی پی کے صدر میر بخشے خان بزنجو کررہے بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

انجینئرز گریڈ الائنس پاکستان سنٹرل ایگزیکٹیو کونسل کا مشترکہ اعلامیہ

کوہلو (نامہ نگار) خودساختہ ٹائیگر مین ای گیپ جاوین کاکڑ پر اختیارات کا ناجائز استعمال اور فنڈز میں خرد برد کے الزام کی وجہ سے ٹائیگر مین شپ سے ہٹانے کے بعد بھی ایوٹ شیڈول کے مطابق کروانے کا اعلان۔ انجینئرز گریڈ الائنس پاکستان کا تیسرا گریڈ اجلاس مقررہ بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

یوم پاکستان بہادر سپوتوں کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، سید حاجی حیدر آغا

6 ستمبر 1965 پاکستان کی قومی تاریخ میں ایک تاریخ ساز دن ہے

سرانان (آن لائن) یوم پاکستان بہادر سپوتوں کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے 6 ستمبر 1965 پاکستان کی قومی تاریخ میں ایک تاریخ ساز دن ہے جب قوم سوری تھی لیکن پاک سرحد کی نگہبان آنکھیں جاگ رہی تھی وطن عزیز کے سپاہیوں کے لئے اپنی وفاؤں کا عہد پورا کرنے کا وقت آگیا تھا ہر بچہ ہر جوان سر پر کفن باندھ صیاپتی بہادر افواج کیلئے بشانہ ملک کے دفاع کے لئے دشمن کے مقابل تھا اس دن پاکستان کے شہیدوں غازی جوانوں نے اپنی سرحدوں کے بہادر اور غیور بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر

کھیلوں کی اہمیت کے پیش نظر ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا ہے، عرفان افتخار

پنجگور (این این آئی) پنجگور 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کی مناسبت سے ایف سی گراؤنڈ میں کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا ٹورنامنٹ کا فائنل کرکٹ کلب پاکستان اور گرمکان کے درمیان کھیلا گیا پاکستان نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ دس اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 149 رن بنائے جبکہ گرمکان نے اپنی باری میں مقررہ اوورز میں 7 کھلاڑیوں کے نقصان پر 131 رنز بنائے اور ٹورنامنٹ کا فائنل پاکستان نے 19 رنز سے جیت لیا اور زیادہ رنز بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

صحتمند ماحول کی تعمیر میں درختوں کا کلیدی کردار ہے، عبداللطیف کاکڑ

شجرکاری کے ذریعے ماحولیات کے منفی اثرات سے بچا ممکن ہے، درخت لگانا وقت کی اشد ضرورت ہے

درختوں کی بے دریغ کٹائی سے گلوبل وارمنگ میں اضافہ ہورہا ہے، سیکرٹری اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری اربن پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ عبداللطیف کاکڑ نے کہا ہے کہ صحتمند ماحول کی تعمیر میں درختوں کا کلیدی کردار ہے۔ درخت نہ صرف ماحول کو خوبصورت بناتے ہیں، بلکہ فضا میں موجود آلودگی اور تابکاری اثرات کو زائل کرنے میں بھی مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ ہر ملازم کو سال میں کم از کم دو درخت ضرور لگانے چاہیے۔ درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے جس کے باعث ماحولیات میں توازن برقرار رہتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے گزشتہ روز ڈائریکٹریٹ شہری منصوبہ بندی وترقیات بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر

عبدالمجید اچکزئی کی بریت کے فیصلے کے خلاف اپیل دائر کرنے کا فیصلہ

پراسیکیوشن کی جانب سے سابق ایم پی اے عبدالمجید اچکزئی کے خلاف کافی ثبوت ریکارڈ پر نہیں لائے گئے

فیصلے میں لکھا گیا ہے کہ پہلے پولیس نے 20 جون 2017 کو نامعلوم افراد کے خلاف فوری مقدمہ درج کیا، ایڈیشنل سیشن جج ماڈل کورٹ

کوئٹہ (این این آئی) ماڈل کورٹ نے ٹریفک سارجنٹ قتل کیس کا تفصیلی فیصلہ جاری کردیا۔ ایڈیشنل سیشن جج ماڈل کورٹ کی جانب سے جاری کیے گئے تفصیلی فیصلے میں کہا گیا ہے کہ پراسیکیوشن کی جانب سے سابق ایم پی اے عبدالمجید اچکزئی کے خلاف کافی ثبوت ریکارڈ پر نہیں لائے گئے فیصلے میں لکھا گیا ہے کہ پہلے پولیس نے 20 جون 2017 کو نامعلوم افراد کے خلاف فوری مقدمہ درج بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

ایڈیشنل سیکرٹری صحت حافظ محمد طاہر س